ملائین خوراک پانچ مثقال نافع قولنج ۲ مغز بادام پوست ہلیلہ کابلی سنا مکی ہر ایک ایک تولہ
غاریقون تربد سفید ہر ایک دو مثقال بادیان گاوزبان رب السوس ہر ایک ڈیڑھ درم زنجبیل
نصف درم شہد خالص سہ چند خوراک پانچ درم مسہل نافع قولنج سنا مکی ڈیڑھ تولہ گل سرخ ایک تولہ
تخم کاسنی بیخ کاسنی بادیان بیخ بادیان ہر ایک نو ماشہ سداب قردمانا انیسون بیخ کرفس ہر ایک
پانچ ماشہ آدہ سیر پانی مین جوش کرین جبکہ چہارم حصہ رہ جائے چار تولہ گلقند داخل کرکے روغن بادام
چھہ ماشہ اضافہ کرکے پلائین یہہ مسہل قولنج ریحی کے واسطے مفید ہے بیخ بادیان بیخ کاسنی قنطوریون
بسفائج ہر ایک سات ماشہ تخم کرفس درونج ہر ایک پانچ ماشہ انجیر زرد پانچ عدد مویز منقی دو
تولہ تخم قرطم ایک تولہ صعتر انیسون ہر ایک چار ماشہ تربد سفید نو ماشہ زنجبیل تین ماشہ سنا مکی
دو تولہ جوش دیکر صاف کرکے املتاس سات تولہ گلقند چار تولہ ملکر پہر صاف کرکے شربت دینار
چار تولہ روغن بادام سات ماشہ داخل کرکے دین دوسرے روز جوارش کمونی کبیر معجون حب الغار
ہر ایک پانچ ماشہ کھاکر اوپر سے بادیان نو ماشہ انیسون صعتر زیرہ سیاہ ہر ایک سات ماشہ
تخم قرطم ڈیڑھ تولہ الائچی کلان پانچ عدد ڈیڑھ پاؤ گلاب مین پکاکر شہد خالص تین تولہ داخل کرکے
دین قولنج ریحی کو نافع مجرب ہے انیسون تین ماشہ بادیان زنجبیل زیرہ سیاہ تخم کرفس کرویا
ہر ایک چار ماشہ حب ارشاد نو ماشہ جوش دیکر شربت دینار دو تولہ داخل کرکے دین قولنج کو فوراً
کہولتی ہے ہبشیر یا گاگوہ چودہ ماشہ نسوت ساڑہے سترہ ماشہ اجمود سونف رومی ہر ایک ساڑہے
تین ماشہ کوٹ چہان کر شہد مین گوندہین قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ فلفل دار فلفل زنجبیل زیرہ سیاہ
سداب قرفہ خولنجان ہر ایک دس درم سقمونیا سات درم شہد خالص ایکسو چالیس درم خوراک
ایک مثقال یہہ نسخہ بہی قولنج سخت کو ایک ساعت مین کہولتا ہے الائچی خورد تخم تیزپات
پیپل مرچ سیاہ زنجبیل برنگ کابلی قرنفل املہ مقشر ہر ایک ساڑہے چار ماشہ اجمود سنبل الطیب
زعفران مصطگی ہر ایک سوا دو ماشہ نسوت سفید مقشر ونیلہ سے ہر ایک پونے چار تولہ کوٹ چہان کر
شہد خالص سہ چند مین ملائین خوراک تین تولہ مرچ سیاہ پیپل سونٹھ زیرہ سیاہ تلی تخم خولنجان

الانواع ہر ایک تین تولہ سقمونیا دو تولہ شہد خالص آدھ سیر خوراک ساڑھے چار ماشہ یہ معجون
قولنج کو نافع ہی مغز بادام تلخ ایک جز زنجبیل کلیجن عاقرقرحا فلفل سیاہ ہر ایک بلصف
جز عود ہندی بورہ ارمنی مصطگی ہر ایک ربع جز کوٹ چہان کر سہ چند شہد مین معجون بنائین
دو درم استعمال کرین سیاہ رنگ کے مرغ کا شوربا کہ اسکو دوڑادین جب وہ ماندہ ہو جاے ذبح کرکے
پکائین اثنای طبخ مین بسفائج اور حب قرطم کی پوٹلی ڈالین اور مصالح کے سات پکائین قولنج
ثفلی کو نافع ہی **کاظمی** اگر مدت تک قبض رہی اسکو کیا کہتے ہین **عباسی** حضرت کبھی اسکے ساتہ
درد بھی ہوتا ہی جو چیزین قولنج کو مفید ہین انسے قبض کو رفع کرین اور مزاج کی رعایت بہی رکہین اور
یہ دوا مفید ہی انجیر زرد بنفشہ مویز منقی اصل السوس ہر ایک ایک مقدار لیکر پکائین اور صاف
کرکے مغز فلوس روغن بادام ملاکر دو ہفتہ تک دین اور مناسب ہی کہ تربد اور بسفائج ہی داخل
کرین اگر کوئی امر مانع نہ ہو شربت بنفشہ کا روغن بادام کے ساتہ پینا قبض کو دور کرتا ہے اور چند ماشہ
اسپغول مسلم کا ہر روز کہانا رافع قبض و دافع یبوست ہی انجیر مویز منقی مغز بادام کا کہانا ملین طبع ہی
گل بنفشہ کو کوٹ چہان کر ہموزن اسکے شکر ملاکر سوتے وقت گرم پانی کے ہمراہ کہانا ملین طبع ہی
ایسے ہی سفوف بادیان اگر مصطگی رومی بقدر دو تین ماشہ ہموزن شکر سفید ملاکر گرم پانی
کے ساتہہ کہائین ملین طبع ہی اور مقوی معدہ ہی اگر یہ حبوب غاریقون کی کہائین طبیعت کو نرم
کرتی ہین غاریقون دس درم عصارہ غافث ریوند چینی ہر ایک دو درم قند سفید پندرہ درم
باریک کرکے پیس ہین ملاکر بنائین سنا مکی تین تولہ تخم گندنا دو تولہ پوست ہلیلہ املہ بلیلہ سیاہ
ہر ایک نو ماشہ پوست ہلیلہ کابلی ڈیڑہ تولہ بادیان ایک تولہ مقل ڈہائی تولہ سب کو باریک
کرکے بطور حبوب یا سفوف استعمال کرین سفوف ملین پوست ہلیلہ زرد سنا مکی ہر ایک پندرہ
درم زیرہ سیاہ گلسرخ پودینہ خشک مصطگی ہر ایک ایک درم زنجبیل لصف درم باریک کرکے
خوراک دو درم گرم پانی کے ساتہ واسطے قبض دائمی کے ۲ گل بنفشہ بادیان ہر ایک چہہ ماشہ
تخم قرطم ایک تولہ انجیر زرد چار عدد جوش دیکر ہمراہ گلقند یا ترنجبین یا شربت دینار یا شربت

بزوری صندل وحار دو دو تولہ بلیلہ بے تخم گلسرخ گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ نبات سفید
دو تولہ چہ ماشہ سے نو ماشہ تک وقت خواب کہانا دافع قبض ہے یہہ معجون قبض دائمی کو نافع
ہے پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی سنا مکی گلقند ہر ایک پانچدرم گل تعفشہ تربد سفید مجوف
تراشیدہ دو درم قرنفل ایکدرم باریک کرکے سہ چند ان شہد خالص مین معجون بنائین عادت
قبض کو دور کرتی ہے سونف سونٹہہ ہڑ زنگی سنا مکی نبات سفید ہر ایک ایک جز مویز منقی پانچ جز
کوٹ جہان کر مویز بے دانہ کے سات کوٹ کر معجون بنائین اکیس ماشہ سے کہائین مقدار
قلیل ان گولیون کا عمل کثیر کرتا ہے جمال گوٹہ پوست وغیرہ سے پاک کیا ہوا ایکدام
آملہ منقشہ چاردام باریک کرکے لیمو کے عرق کے ساتہ کہرل کرین اسقدر کہ اکیس لیمو کا عرق
خرچ ہو پس بقدر نخود گولیان بنائین ایک حب نہار تین حب اسہال خوب لاتی ہین
**کرہلائی** استانی جی کوئی بواسیر کے مسون کا بہی ایسا علاج ہے کہ بہرنہ ہون **عباسی** کامل
علاج تو کاٹ ڈالنا ہے مگر اس مین خوف بہی ہے جب تک ضرورت قوی نہ ہو کاٹنے کا ارادہ نہ
کرین اور بہتر یہہ ہے کہ سب مسون کو نہ کاٹین بلکہ ایک کو چہوڑ دین کہ احیاناً اگر اسطرف مادہ آوے
تو اسکے نکل جانے کا رستہ رہے اور آفات مذکورہ کا خوف نہ رہے جیسا وصایا ے بقراط مین لکہا ہے
کہ سب بواسیر کا قطع کرنا اور گرانا جائز نہین ہے بلکہ واجب ہے کہ اس مین سے ایک کو چہوڑ دین
اگر بواسیر متعدد ہون تو اول ایک کو قطع کرین جب وہ اچہا ہو جاے دوسرے کو قطع کرین اسیطرح
ایک ایک کو جدا جدا قطع کرین یہانتک کہ ایک باقی رہجائے اسکو رہنے دین تاکہ خون
فاسد نکلتا رہے یہہ نسخہ مسون کو خشک کر دیتا ہے اور گرا دیتا ہے برگ آس جوز السرو بادنجان
کی ٹوپی پوست بیخ کبر مرمکی شحم حنظل سانپ کی کانچلی مقل لیکر تبخیر کرین یعنی دہونی دین
اکیلے اکیلے یا جمع کرکے اور تبخیر کا یہہ طریق ہے اونٹ کی مینگنیان جلا کر ان دوائیون مین سے
جونسی میسر آوے اسپر ڈالین اور ایک طباق یا کونڈہ کہ اس مین بیچ کی طرف سوراخ ہو اس
آگ پر ڈہانک دین اور بیمار کو اسپر بٹہلائین اسطرح پر کہ اسکی مقعد سوراخ پر رہے اور دہوان

اُٹھکر مقعد مین آئے اور بیمار کو چاہیے کہ دیر تک دہونی لے تا کہ بواسیر یعنی مسے خشک ہوجائین
بواسیر کو خشک کرتا ہی پوست انار کندر جفت بلوط جوز السرو چارون کو کوٹ کر انگور کے پانی
مین جوش دین اور کہرل کر کے پیس لین صبح اور شام بواسیر پر طلا کرین اگر بواسیر سے بہت سا
خون بہے اور خون سرخ اور صاف اور رقیق آے اور ضعف پیدا ہو خون کی بند کرنے والی
چیزین ۔ استعمال کرین لیکن جہان کہین کہ حرارت کی شدت ہو اور ضعف قوی کا خوف ہو
اور خون سیاہ آتا ہو مناسب ہی کہ بند کرنے مین جلدی نہ کرین کیونکہ اس خون کے نکلنے مین
کتنے ہی امراض سوداویہ سے امن ہی مثل مالیخولیا و خفقان و صداع سوداوی و وجع الورک
درد گردہ درد رحم وغیرہ اسیواسطے حکما نے کہا ہے کہ بواسیر کا خون بمنزلہ خون حیض کے ہی کہ کتنی
ہی بیماریون سے امن مین رکہتا ہی اگر بے وقت بند کرین انہین امراض کی نوبت پہونچتی ہے
خون کے بند کرنے کے واسطے قرص کہربا حب مقل قابض معجون خبث الحدید کہائین اگر خرگوش
کی اون اور مکڑی کا جالہ آب بارتنگ مین یا خرفہ پانی مین تر کر کے ذرور قابض یا مردا سنگ
اور سفیدہ سیکر اسیر ڈالکر مقعد پر رکہین اور پٹی سے باندہ دین خون کو فی الفور بند کرتا ہے
**حب مقل ممسک** کا نسخہ بلیلہ سیاہ پوست بلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ مقشر مقل
ازرق ہر ایک دو درم مرجان کہربا شمعی صدف سوختہ ہر ایک ایک درم مقل کو ہومارون کے
پانی مین حل کرین دوسرے دوائین کوٹ چہان کر اس مین ملا کر گولیان بنائین دو درم ایک
اطریفل صغیر اطریفل مقل بواسیر کو نافع ہین **اطریفل مقل** کا نسخہ یہ ہے پوست بلیلہ کابلی
پوست بلیلہ آملہ مقشر ہر ایک دس درم مقل ازرق تیس درم مقل کو آب گندنا مین حل کرین
اور چند شہد کا قوام کر کے دواؤن کو کوٹ چہان کر اس مین ملائین لعاب ریشہ خطمی چار ماشہ
بیخ انجبار چار ماشہ شربت بنفشہ دو تولہ بارتنگ چار ماشہ چہڑک کر دین بواسیر کے خون کو
بند کرتا ہے کوکنار بلیلہ سیاہ ہر ایک ایک ماشہ روغن گاؤ مین بریان کرین ہمراہ لعاب
ریشہ خطمی کے عرق مکو عرق شاہترہ مین نکالا ہو رب بہ بارتنگ داخل کر کے دین ہلیلہ مربی ایک

پہلے کہا کر اوپر سے لعاب اسپغول چھ ماشہ مصری ڈالکر دین بواسیر خون کو بند کرتا ہی طباشیر سفید
بہوج پتر شاخ گوزن دونون کو جلاکر ہر ایک ایک ماشہ الوشدارو سے لولو ہی علو یخانی لو ماشہ مین
ملاکر ایک ورق مین لپیٹ کر پہلے کہاکر شربت حب الآس جا نجبار ہر ایک ڈیڑہ تولہ عرق کیوڑہ چار تولہ
گلاب عرق بارتنگ ہر ایک پانچ تولہ نکالین تخم بارتنگ و فرنجمشک اور سبوس اسپغول ہر ایک
تین ماشہ چہڑک کر دین نہایت نافع ہی کہربا ے شمعی لسبد احمر سنگ جراحت گلنار پوست بیضہ مرغ
سوختہ ہر ایک ایک ماشہ شربت انجبار مین ملاکر ہمراہ لعاب بہدانہ بریان لعاب ریشہ خطمی ملاکر
اور عرق مکو مین پکائین رب بہ داخل کر کے بارتنگ چہڑک کر دین اور رسوت برگ نیب گلاب مین
پیسکر ضماد کرین صمغ عربی بریان زیرہ سیاہ مدبر زیرہ سفید مدبر تخم خرفہ بریان ہر ایک چار ماشہ
کشنیز خشک بریان چھ ماشہ گلنار چھ عدد پوست خشخاش ایک عدد کہربا ے شمعی طباشیر سفید
ہر ایک ایک ماشہ چنے کی برابر گولیان بنائین اور حسب مزاج دین رسوت چار ماشہ کہربا ے شمعی
دانہ الایچی خورد گل ارمنی دم الاخوین ہلیلہ سیاہ روغن زرد مین بریان کر کے املہ طباشیر سفید
ہر ایک دو ماشہ مقل ازرق ایک تولہ گندنا کے پانی مین حل کر کے گولیان بنائین چنے کی برابر
خوراک چار گولی سے تین ماشہ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ املہ ہلیلہ سیاہ روغن زرد مین بریان
مرمکی دو درم دم الاخوین صندل سفید گلنار ہر ایک ایک درم بارتنگ طباشیر سفید لسبد محرق
ہر ایک ایک مثقال حضض زود مربیخ انجبار دو مثقال مقل چار مثقال دوائون کو کوٹ
چہان کر مقل کو گندنا کے پانی مین حل کر کے اس مین اسکو ملائین اور گولیان بنائین خوراک ایک درم
سے دو درم تک یہ نسخہ قاطع خون بواسیر ہی ہلیلہ سیاہ روغن گاو مین بریان کر کے املہ مقشر
پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک تولہ گلسرخ طباشیر سفید گزمازج صدف سوختہ تخم کشنیز رسوت
ہر ایک نصف تولہ مروارید ناسفتہ لسبد احمر کہربا ے شمعی ہر ایک ایک تولہ ریوند چینی نصف تولہ
کوٹ چہان کر مقل محلول مین ملاکر گلاب کے ساتہ گولیان بنائین ہر روز پانچ ماشہ عرق
بارتنگ کے ساتہ کہائین آخر روز گلقند دو تولہ ایک ماشہ مصطگی اور ایک ماشہ طباشیر

ملاکر تناول فرمائین اگر قوت معدہ کی ضعیف ہوجائے گلقند کے ا نوشدارو استعمال کرین یہ
نسخہ خون بواسیر کے بند کرنے مین مجرب ہے تفصیل یہ ہے مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد احمر ہر ایک
دو ماشہ پوست بیخ انجبار چار ماشہ رسوت دو ماشہ باریک کر کے دو عدد مرئی آملہ مین اسکی گٹھلی دور
کر کے حل کرین اور چنے کی برابر گولیان بنائین خوراک ایک ایک مثقال ہمراہ عرق شاہترہ
و عرق بادنجان ہر ایک دس تولہ تیواج خطائی باریک کر کے بقدر تین ماشہ دہی کے چکہ مین
ملاکر کھانا بواسیر کے خون کے بند کرنے مین مجرب ہے اور جہان کہین تیواج نہ ملے پوست درخت
کرکھلین غذا مین چاول و دہی تیواج خطائی کہربائے شمعی گل مختوم رسوت ہر ایک دو دانگ
باریک کر کے دہی مین ملاکر کہانا خون بواسیر کے قطع کرنے کیلئے مجرب ہے پوست تیواج ایک مثقال
لیکر خوب باریک کر کے دو مثقال پرانی اطریفل مقل مین ملائین اور ہر روز ایک مثقال کہائیں
دو تین روز یا ایک ہفتہ مین خون کو بند کرتا ہے کہربائے شمعی گل مختوم انیس ہر ایک نصف
مثقال باریک کر کے کہلائین تین روز برابر معجون خبث الحدید کہنہ نہایت نافع ہے گل ارمنی دبابان
تخم انگور سرکہ مین پروردہ اور بوداوہ ہر ایک پانچ مثقال پوست سماق گل سرخ صمغ عربی بریان
ہر ایک تین مثقال طباشیر سفید گل مختوم ہر ایک دو مثقال باریک کر کے رب مناسبہ مین ملاکر
کہائین رسوت تین ماشہ دہی کے ساتھ کہائین اور غذا مین گلقند دہی کے ساتھ دینا واسطے
اسہال خون بواسیر کے مجرب ہے مجیٹھ اندرجو شیرین مساوی کوٹ چہان کر دو ماشہ ایک تولہ گائے
کے مسکہ مین ملاکر چاٹنا ایک ہفتہ تک بواسیر کے خون بند کرنے مین مجرب ہے اور پہر عود نہین کرتا
پوست انار ولایتی ۔ چار درم دہی کے ساتھ تین روز تک کہانا خون کو بند کرتا ہے پوست
تمر ہندی کو باریک کر کے چنے کی برابر گولیان بنائین تین روز مین خون کو بند کرتا ہے گوکہرو کا
ساگ مع چنے اور چولی کے گہی اور نمک کے سات پکا کر کہانا نافع ہے گل معصفر بقدر تین ماشہ
جغرات مین ملاکر کہانا نافع بواسیر خونی ہے رسوت تین تولہ گلاب آدہ پاؤ کیوڑہ پانچ تولہ مین حل
کر کے کپڑے مین ڈالکر شل رہنی کے ٹپکائین اور ایک برتن مین رکہین تا کہ گاڑہ ہو جائے اور

قابل گولیون کے بند ہونے کے ہو پہر کتہ سفید مغز تخم نیب مغز تخم بکاین گل ارمنی ہر ایک سات ماشہ
داخل کرکے برگ گندنا کے پانی مین تین پہر کھرل کرین اندر جو تلخ نیتر بالا ہر ایک ساڑہے چار ماشہ
کوٹ چہان کر اضافہ کرکے چنے کی برابر گولیان بنائین ورق نقرہ مین لپیٹ کر ایک صبح اور ایک
شام کہائین بعد نگلنے کے قدرے پان روغن گاؤ اور شکر کے سات کہائین یہ نسخہ بواسیر خونی
وبادی کو مفید ہے رسوت گیرو کتہ سفید مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ سیر بہر گکروندہ کے پانی مین
کھرل کرکے جنگلی بیر کی برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام دین مغز خستہ نیب رسوت
ہر ایک ایک تولہ فلفل گرد چہہ ماشہ مولی کے پانی مین حل کرکے گولیان بنائین چہہ ماشہ ہر روز کہائین
مغز تخم نیب ادہ پاؤ فلفل سیاہ مقل ہر ایک ایک دام مرچ کی برابر گولیان بنائین ہر صبح چہہ ماشہ
شیرہ بادیان شیرہ زیرہ سفید کے سات دین بواسیر خونی کے واسطے مفید ہے برگ نیب چاکسو
صندل سرخ مہما یا برگ حنا رسوت نرکچور فلفل گرد مساوی بہدانہ کے لعاب مین گولیان بنائین
یہ گولیان بواسیر خونی وبادی کو نافع ہین مغز تخم نیب مغز بکاین مقل رسوت صبر زرد فلفل گرد
گیرو مساوی باریک کرکے سکو کے پانی مین جنگلی بیر کی برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام
دین چاکسو انجبار گل بادنجان مغز بادام تلخ ہر ایک نصف جز قند سیاہ کہنہ دو وزن ادویہ
کوٹ چہان کر چنے کی برابر گولیان بنائین چاکسو رسوت ہر دو مساوی گل داودی کے پتون
کے عرق مین گولیان بنائین جنگلی بیر کی برابر ایک صبح ایک شام یہ نسخہ بواسیر خونی وبادی کو
نافع ہے بکاین پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ پوست بلیلہ شیطرج ہندی ہر ایک
تین تولہ مقل ازرق چہہ تولہ لوہ چون چہہ تولہ باریک کرکے سفوف بنائین ہر روز بقدر چہہ ماشہ
شیر گاؤ کے ساتہ کہائین صبر زرد دم الاخوین کندر ہر ایک تین ماشہ سب کو باریک کرکے
روغن زرد مین ملاکر مسہ بواسیر پر طلا کرین رسوت تین ماشہ مقل ازرق مغز تخم نیب مغز تخم بکاین
گل ارمنی ہر ایک تین ماشہ کافور دو ماشہ سب کو باریک کرکے سفیدی بیضہ مرغ و روغن گل مین ملاکر
بواسیر کے مسہ پر طلا کرین بواسیر خونی کے واسطے نافع مغز تخم بکاین رسوت فلفل سیاہ چاکسو ہر ایک

تین ماشہ سب کو کوٹ چھان کر چنے کی برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کھائین بواسیر خونی
کے لئے مجرب سرمہ سیاہ ایک تولہ باریک کرکے قند سیاہ دو تولہ مین ملائین کر ایک بات ہوجاے
مرچ کی برابر گولیان بنائین بواسیر خونی کے واسطے پوست مار لکاین چودہ ماشہ فلفل گرد دو درم
نبات سفید چھہ درم کوٹ چھان کر چھہ ماشہ صبح چھہ ماشہ شام کھائین بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے
ریشہ پوست نارجیل کہ سخت پوست کے اوپر ہوتا ہے لیکر جلائین شکر سفید برابر ملا کر تین خوراک کرین
بواسیر خونی کے لئے مغز بنولی دو ماشہ رسوت ایک ماشہ شکر تری تین ماشہ کوٹ چھان کر سفوف
بنائین بواسیر بادی کے واسطے کمیلا کتہ سفید کافور گل ارمنی رسوت سفیدہ کاشغری باریک
کرکے روغن زرد دو تولہ مین ملا کر مسہ کے اوپر طلا کرین مغز تخم لکاین مغز تخم نیب رسوت مقل
ازرق گل ارمنی ہر ایک تین ماشہ کافور دو ماشہ باریک کرکے مرغ کے انڈے کی سفیدی مین
ملا کر مسہ پر طلا کرین پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ مقشر ہر ایک دس مثقال کہربائے شمعی
بسد احمر سوختہ شاخ گاؤ کوہی سوختہ ہر ایک پانچ مثقال زاج سفید نانخواہ ہر ایک دو مثقال
مقل ازرق بیس مثقال مقل کو گندنا کے پانی مین حل کرکے باقی دواؤن کو کوٹ چھان کر پچیس
مثقال شہد خالص کف گرفتہ مین معجون بنائین یا گولیان بواسیر کے خون کو قطع کرتی ہین
ہلیلہ سیاہ روغن گاؤ مین بریان کیا ہوا آملہ مقشر پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک تولہ گلسرخ
طباشیر سفید گزمازج صدف سوختہ تخم کشنیز خشک رسوت ہر ایک چھہ ماشہ مروارید ناسفتہ
کہربائے شمعی ہر ایک ایک تولہ ریوند چینی چھہ ماشہ کوٹ چھان کر مقل کو گلاب مین حل کرکے
دواؤن کو اس مین ملا کر گولیان بنائین ہر روز پانچ ماشہ بارتنگ کے عرق کے ساتھ
کھائین ناگیسر دو درم پختہ پھٹکری نصف درم پختہ شکر سفید برابر کوٹ چھان کر چودہ پڑیان
باندہین ایک صبح ایک شام کھائین چھال کرہ کہ مشہور ہے اور نہایت تلخ ہوتی ہے کوٹ پیسکے
دو ماشہ یا تین ماشہ تنہا یا ساتھ پانی یا شہد کے تین ہفتہ کھائین خون بواسیر کا بالکل بند
ہوجائے گا ترشی اور بادی چیزون سے پرہیز کرین سیسے کی گولی روغن مادہ گاؤ مین گھس کر بواسیر کے مسے

لگائیں تو بواسیر دب جاتی ہے رسوت پانچدرم کتیرا سفید دو درم مازو سبز سنگ جراحت
گیرو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ باریک کرکے چنے کی برابر گولیان بنائیں خوراک ایک مثقال بواسیر
خونی کے واسطے مجرب ہے تخم بلہل تخم بارتنگ شکر تری مساوی لیکر ہر روز ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام
تازہ پانی کے ساتھ کھائیں ثمر بکاین پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ پوست بلیلہ
شیطرج ہندی ہر ایک تین تولہ مقل ازرق لوہ چون ہر ایک چھ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں
ہر روز بقدر چھ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں کمیلہ کتھ سفید کافور گل ارمنی رسوت
سفیدہ کاشغری دو دو دانگ باریک کرکے دو تولہ روغن زرد مین کر دو تین بار دھویا ہو ملائین
اور بواسیر پر طلا کرین مغز تخم بکاین مغز تخم نیب رسوت مقل ازرق گل ارمنی ہر ایک تین ماشہ
کافور دو ماشہ باریک کرکے سفیدی بیضہ مرغ مین ملاکر مسہ کے اوپر ضماد کرین **حیدری** نواصیر
کیا مرض ہے **عباسی** قروح حدیثہ غایرہ ہین کہ مقعد کے کنارے پر پیدا ہوتے ہین اور متعفن ہوتے ہین
اور ہمیشہ زرد آب انسے بہتا ہے اگر بلی کے سینہ کی ہڈی کو بلیلہ بلیلہ و آملہ کے پانی مین پیسکر طلا کرین
ناصور کو زیادہ نہین ہونے دیتا استخوان ہیجہ بشیر باریک کرکے طلا کرنا نافع ہے زردچوب مردا سنگ
ہر ایک تین جز روغن گل دو جز موم زرد ایک جز پانی مین پکائین جب وقت پانی جلجاے مثل مرہم کے
استعمال کرین نواصیر کو نافع ہے مغز ناجیل دریائی کا لعاب دہن کے ساتھ طلا کرنا مجرب ہے
مرداسنگ گلنار زردچوب دم الاخوین شب یمانی سرمہ شاخ گوزن سوختہ موم سفید ہر ایک ایک
تولہ روغن زیت چار تولہ بدستور مرہم بنائین استعمال کرین نواصیر کے واسطے مجرب ہے یہ نسخہ بھی
مجرب ہے سر سفید ور ہر ایک دو دو درم سیماب شنگرف موم ہر ایک ایک درم نیلہ تھوتہ بریان تین ماشہ
روغن کنجد چار درام پہلے اور اجزا کو باریک کرکے بعد اسکے سیماب ڈالکر پیسین پھر موم روغن مین گلاکر
ملین **ایک دن** جب عباسی مریضون کو دیکھ چکی تو امام باندی نے کہا کہ آپ نے فرمایا تھا
کہ کل پتھری اور ریت کے گردہ مین پیدا ہونے کا سبب بتلا دون گی سو اب فرمائیے **عباسی**
بہت اچھا سنو بیان کرتی ہون عوام مین جو مشہور ہے کہ آدمی ریت غذا کے ساتھ کھا جاتا ہے

اور گردے اسکو پیشاب کی راہ خارج کرتے ہین یہہ بات غلط ہے اصل یہہ ہے کہ ریت غذا کی اجزائے
اسطرح پیدا ہوتا ہے کہ جب ہاضمہ بگڑ جاتا ہے سب غذا اچھی طور پر مستحیل نہین ہوتی چنانچہ کثرت
سے جب شراب پی جاتی ہے اور گوشت کہایا جاتا ہے اور ریاضت کم کی جاتی ہے یا بالکل نہین
کیجاتی تو چہوٹے چہوٹے جوڑون مین وہ مادہ جمع ہو جاتا ہے اور وہی مادہ پیشاب مین بہی کثرت سے ہوتا ہے کیونکہ
گردے ان موذی مادونکو خارج کرتے ہین جب انکی کثرت ہو جاتی ہے تو پیشاب مین گر جاتے ہین ان موذی مادونکا غلبہ ہو جاتا
ہے جس سبب سے وہ جگہ ریت یا کنکری نجاتی ہے نسخہ معجون کا سنگ گردہ ومثانہ کو توڑکر نکالتا ہے مغز تخم کدو مغز تخم خیارین
مغز تخم خربزہ حب کاکنج ہر ایک پانچدرم حجر الیہود پچاس درم کوٹ چہان کر شہد مین معجون بنائین خوراک
دو درم یہ معجون نہایت مجرب ہے خاکستر عقرب ساڑہے تین درم بکہان بید ڈیڑہ درم زنجبیل ایکدرم
فلفل دو درم دار فلفل دو درم حب کاکنج پانچدرم جند بید ستر چار درم کوٹ چہان کر شہد مین
ملائین خوراک ایک دانگ عقرب کی راکہہ کرنے کی یہہ ترکیب ہے ایک دلدار شیشہ گل حکمت کرین
بچہو اس مین رکہکر گرم تنور مین رکہین ایک رات صبح نکالکر کام مین لائین کشتہ حجر الیہود سنگ
گردہ ومثانہ کو خارج کرتا ہے کشتہ مرجان بہی یہی نفع بخشتا ہے یہہ نسخہ بہت نایاب ہے حجر الیہود
سنگ سرماہی تخم تربج حب قلت ہر ایک دو ماشہ باریک کرکے شربت توت دو تولہ مین ملاکر
کہائین بعد اسکے شیرہ تخم خربزہ شیرہ تخم خیارین شیرہ بادیان شیرہ خار خسک شیرہ تخم کرفس
ہر ایک چار ماشہ عرق بادیان دس تولہ میون یہہ آبزن سنگ گردہ ومثانہ عسر البول کو نافع ہے
نعناع سداب مشکطرامشیع نانخواہ قنطوریون سنبل الطیب مرزنجوش ابہل وج نمام پہیا وشیان
برنجاسف مرکی فراسیون سلیخہ اذخر قسط اکلیل الملک شونیز بلبون برگ کرنب کرفس حاشا
ترو ماناجعدہ عود بلسان اسارون بابونہ برگ ترب تخم ایپست تخم شلغم تخم گندر سرگین کبوتر مصطگی
تخم شبت تخم قلت بیخ بادیان تخم خربزہ پوست خربزہ خشک ریشہ خطمی خار خسک بنفشہ اشنان و بیعت
تخم خطمی برگ خطمی بیخ سوسن کاکنج دو قوقیصوم بیخ کبر برگ کنجد تخم قرطم جوش دیکر آبزن اور نطول
کرین حجر الیہود سنگ سرماہی ایک ایک ماشہ صمغ عربی ادہ ماشہ ہمراہ شیرہ تخم خیارین شیرہ

شیرہ تخم خربزہ خارخسک عرق مکو گلاب شربت بزوری کے ساتھ پیوین سنگ سرماہی حجر الیہود صمغ عربی
ہر ایک ایک ماشہ گلاب مین گھسکر پہلے چاٹین اوپر سے تخم خربزہ تخم خیارین ہر ایک ایک تولہ
مغز خستہ آلو بالو دو تو ہر ایک چھہ ماشہ عرق مکو گلاب عرق خارخسک ہر ایک چار دلم مین شیرہ
نکالکر شربت آلو بالو یا شربت بزوری ڈالکر دین اگر چاہین شیرہ تخم شلغم شیرہ تخم ترب شیرہ
تخم گندنا چار چار ماشہ اضافہ کرین حجر الیہود سنگ سرماہی تخم ترب حب القلت ہر ایک دو ماشہ
باریک کرکے شربت کشوت دو تولہ مین ملاکر چاٹین بعد اسکے شیرہ تخم خربزہ شیرہ تخم خیارین
ہر ایک دو تولہ شیرہ بادیان شیرہ خارخسک شیرہ تخم کرفس ہر ایک چار ماشہ عرق بادیان دس
تولہ پیوین سنگ ماہی حجر الیہود حب القلت تخم ترب ہر ایک دو ماشہ باریک کرکے مکو کے
پانی مین گولیان بنائین اور پہلے کہا کر اوپر سے شیرہ تخم قرطم شیرہ مغز خستہ آلو بالو ہر ایک
ایک تولہ شیرہ تخم خربزہ دو تولہ عرق خارخسک دس تولہ شربت کشوت دو تولہ حل کرکے پیوین
ماء الجبن کا بہی استعمال کرنا سنگ گردہ مثانہ کے واسطے مفید ہے پلاس گل عصفر تخم خربزہ
تخم خیارین خارخسک پانی مین جوش کرکے صاف کرکے نطول کرنا مفید ہے اور اسکے ثفل کو
باندہین اگر اس سے فائدہ نہ ہوتے کرائین اور تنقیہ فصد و مسہل سے کرین نسخہ مسہل سنگ گردہ
و مثانہ کے واسطے مفید ہے گاؤزبان مکو پرسیاوشان گل سرخ خارخسک حب القلت
بسفایج ہر ایک نو ماشہ تخم خیارین تخم خربزہ مغز خسکدانہ ہر ایک ایک تولہ سنا مکی ایک تولہ
تین ماشہ جوش دیکر صاف کرکے مغز فلوس ترنجبین ہر ایک چھہ ماشہ شربت کشوت چار تولہ حل
کرکے پہر صاف کرین روغن بادام چھہ ماشہ ڈالکر پلائین عناب سات دانہ سپستان بیس دانہ
گل بنفشہ پرسیاوشان ہر ایک نو ماشہ گاؤزبان گل نیلوفر تخم کاسنی حب القلت ہر ایک سات
ماشہ آلو بالو دو تولہ خارخسک نیم کوفتہ نو ماشہ سنا مکی ایکتولہ تین ماشہ گل سرخ ایک تولہ
رات کو گرم پانی مین ترکرکے صبح کو جوش دیکر صاف کرکے املتاس چار تولہ ترنجبین پانچ تولہ
حل کرکے پہر صاف کرکے روغن بادام چار ماشہ چھڑک کر پیوین واسطے تنقیہ گردہ و مثانہ

کے سریع الاثر ہے تریاق فاروق کا کھانا بھی اس باب مین مجرب ہے سنگ سرماہی حجر الیہود تخم
قلت مصطگی ہر ایک ایک ماشہ دو تولہ گلقند مین ملا کر چاٹین شیرہ بادیان حب قلت قرطم
ہر ایک نو ماشہ بلبیون چار ماشہ شربت بلبیون شربت بزوری دو تولہ تخم شربتی سات ماشہ حجر الیہود
چار دام سنگ سرماہی ایک درم ۔ مغز تخم خیارین مغز تخم آلو یا لو مغز حب المحلب حب القلت
مغز چلغوزہ زیرہ سفید بادیان ہر ایک ایک مثقال کوٹ چھان کر سات تولہ عرق خار خسک کے
ساتھ کھائین سنگ گردہ و مثانہ کو پارہ پارہ کرتا ہے مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو
ہر ایک پانچدرم خار خسک چار درم حجر الیہود حب القلت ہر ایک تین درم تخم کرفس بسبائیون
فطراسالیون ہر ایک ایک درم صمغ عربی کتیرا اسفید ہر ایک ایک مثقال کوٹ چھان کر دو درم
شربت خسک مین ملا کر دین حجر الیہود چار دانگ نشاستہ سفید کتیرا اسفید حب القلت ہر ایک
ایک درم تخم خرفہ دو درم مغز تخم کدو تین درم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین ہر ایک پانچدرم
شکر سفید برابر سفوف کرین خوراک تین درم سیاہ چنے کے سات سنگ گردہ و مثانہ کے واسطے
فوہ چھ درم گوکھرو تخم قلت ہر ایک تین درم مغز تخم خربزہ پانچدرم نبات سفید مساوی خوراک
دو مثقال بیخ بادیان انیسون تخم خربزہ تخم خیارین خار خسک پرسیاوشان تخم خبازی گل بنفشہ
تخم کشوث حب القلت بقدر مناسب لیکر عرق شاہترہ آدھ سیر مین جوش دین جبکہ تیسرا حصہ
باقی رہے شربت بزوری یا شربت دینار ڈالکر دین بادیان تخم کرفس مکو گل سرخ بنفشہ
بیخ کاسنی تخم خربزہ پرسیاوشان ریوند چینی ہر ایک چھ ماشہ انیسون تین ماشہ بیخ کرفس تخم
قرطم تخم خطمی خبازی مشکطرامشیع ہر ایک چار ماشہ گلقند آفتابی چار تولہ جوش دیکر صاف کرکے
ترنجبین چار تولہ ملا کر پھر صاف کرکے پئین مغز تخم کدو مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ حب کاکنج
ہر ایک پانچدرم حجر الیہود پانچدرم صلایہ کرکے شہد مین ملائین خوراک دو درم حجر الیہود دو
تولہ چوب انگور سوختہ مغز حب قرطم مغز تخم خیارین تخم خطمی عنب الثعلب ایک ایک تولہ تخم کرفس
مغز تخم خربزہ ہر ایک نو ماشہ مغز تخم کدوے شیرین چھ ماشہ شہد خالص سہ چند خوراک ایک درم

نیم کے پوست کا کہانا بالخاصیت نافع سنگ گردہ ہی مغز خسکدانہ مغز خستہ آلو بالو ایک
ایک تولہ حب القلت سنگ سرماہی حجر الیہود بادیان ہر ایک ڈیڈھ تولہ تخم کشوث تخم کرفس بریان
ہر ایک تین تولہ مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو کا کنج ہر ایک پانچ تولہ شہد خالص سات
تولہ معجون بناوین مغز خستہ آلو بالو مغز حب فرطم حب القلت تخم ترب کا کنج تخم کرفس تخم کرنب ایک
ایک تولہ صمغ آلو بالو حجر الیہود سنگ سرماہی بادیان مغز تخم خربزہ ہر ایک دو تولہ مغز تخم خیارین
تین تولہ نبات سفید و شہد مین قوام کرین خوراک دو درم سے دو مثقال تخم بید انجیر پرسیاوشان
گل سرخ انیسون تخم کشوث نیم بریان ہر ایک دو تولہ پوست خربزہ سبوس گندم ہر ایک چار درم
تخم حلبہ ایک تولہ بیس سیر پانی مین جوش کرین جبکہ نصف رہے صاف کرکے نطول کرین جلاکی
کا پیاگ کہانا بہی نافع ہے اصل السوس کلہتی ہر ایک تین درم بیخ بادیان دس درم چار
پیالے پانی مین جوش کرین جبکہ ایک پیالہ باقی رہے صاف کرکے تین ماشہ نمک سنگ دو
درم شیرہ گاؤ ملاکر پیوین کلہتی گل سرکنڈا ایک ایک تولہ رات کو دیڑہ پاؤ پانی مین بھگوئین صبحکو
جوش کرکے جبکہ نصف رہے صاف کرکے شہد خالص ایک تولہ حل کرکے پیئین یہ نسخہ بہی لاجواب
ہے جوکہار ایک مثقال شورہ قلمی دو مثقال تخم گندر چار مثقال باریک کرکے ایک مثقال
نخود کے ساتھ دین الایچی سہاگہ پکہان بید گوکہرو کلہتی سونٹھ جھو برابر باریک کرکے عسل خالص
مین ملاکر دین سیتا سپیاری یعنی حجر الیہود تین درم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین گوکہرو کلہتی
ہر ایک دو درم سولفا جھو گوند ببول ایک ایک درم سفوف بنائین خوراک دو درم
سرکہ مین کبوتر شاہترہ برابر اسکے پیسکر ملاکر دو درم کہائین مثانہ کے حصات کو خارج کرتا ہے
حب صنوبر پوست بیخ کبر ہر ایک ربع جز تخم کرفس نصف جز تخم خربزہ ایک جز باریک کرکے دو
مثقال کہائین دوائے القمر واسطے تفتیت و اخراج سنگ گردہ و مثانہ کے مجرب ہی خلاف
نہین کرتی شورہ قلمی تین تولہ کفچہ آہنی مین ڈالکر آگ پر رکہین کبریت زرد ایک تولہ باریک
کرکے تہوڑی تہوڑی اسکے اوپر چہڑکین جبکہ شورہ پانی ہوجائے قلمی دار برتن مین ڈالکر

حرکت ہیکر چوپارین بعد اسکے باریک کرکے تین ماشہ آدہ پاؤ مولی کے پانی کو ساتہ کہائیں ایک شخص
نو برس سے اس بیماری مین مبتلا تہا اس دوا سے فائدہ ہوا یہہ دوا گردہ و مثانہ کی پتہری کو
گلا کے ٹکڑے کرکے باہر نکالتی ہے مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو ہر ایک ساڑہے تین ماشہ
خسک مربی چہہ ماشہ حجر الیہود کلہتی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ اجمود سیسالیوس فطراسالیون
ہر ایک ساڑہے تین ماشہ گوند ببول کتیرا اسفید ہر ایک ساڑہے چار ماشہ کوٹ چہان کر سفوف
بنائیں خوراک سات ماشہ شربت گوکہرو کے ساتہ **یاد رکھو** سنگ جن سببوں سے
گردہ مین پیدا ہوتا ہے انہین اسباب سے مثانہ مین بہی پیدا ہوتا ہے اور وہی علاج ہے اور یہہ بہی
یاد رکہنے کی بات ہے کہ عورتون کو سنگ مثانہ کا عارضہ شاذ و نادر ہوتا ہے اسواسطے کہ انکے مثانہ
کی گردن زیادہ فراخ ہے اور اس مین ایک خم سے زیادہ نہین ہے اسوجہہ سے اس مین مادہ کم ٹہرتا ہے
بخلاف مردون کے کہ انکے مثانہ کی گردن زیادہ تنگ اور دراز ہے اور اس مین تین خم ہین اسلئے
اس مین زیادہ ٹہرتا ہے اور ٹہر کر حصات بنجاتا ہے **ایک عورت** کا پیشاب بند ہوگیا تہا
عباسی نے شورہ قلمی دو مثقال شکر سفید برابر ملاکر سفوف بناکر کہلایا فوراً پیشاب کہل گیا
اور امام بوانذری سے مخاطب ہوکر کہا کہ میرے آبا کے وقت مین کوئی رئیس تہے انکا پیشاب
بند ہوگیا تہا کسی دوا سے نہ کہلتا تہا میرے آبا نے شورہ قلمی تین تولہ پانی مین حل کرکے
دیا اور دو گہڑی کے بعد دو تولہ اور دیا حق تعالی نے شفا بخشی شورہ قلمی خردل نصف نصف
درم نخیتہ پانی کے ساتہ نہار کہائیں بول کے کشادہ کرنے مین مجرب ہے خرمہرہ بصنف عدد پانچ
مین پیسکر کہائیں بول کہل جاتا ہے زیرہ جاروب دو درم جوش دیکر پینا نافع ہے شورہ قلمی
جواکہار ریوند چینی یا دیان مساوی نبات سفید برابر کوٹ چہان کر ایک ماشہ ضعیف کو
ایک تولہ یا اس سے کم دین مسکہ گاؤ شکر سفید ڈیڑہ ڈیڑہ تولہ شورہ قلمی ایک ماشہ آپس مین
ملاکر کہائین حبس بول کیواسطے مفید ہے شورہ اور کافور کا احلیل مین رکہنا اور طلا کرنا زیر ناف
فائدہ کرتا ہے شورہ قلمی نمک ترب جواکہار دو دو ماشہ کوٹ چہان کر دودہ کی لسی کے ساتہ

کھانا فائدہ عظیم دیتا ہے زعفران ایک حصہ شورہ قلمی دو حصہ پانی مین حل کرکے قطور کرین
بول کو کھولتا ہے دہنی درم روغن بید انجیر چار درم شیر گاؤ کے ساتھ دین فی الفور بول کھلجاتا ہے
معصفر کہ ہندی مین کسنب کہتے ہین بقدر دو تولہ آدہ پاؤ دودہ مین جوش دیکر اور نصفت اسکے
پشورہ قلمی اضافہ کرکے عانہ پر ضماد کرین واسطے رفع احتباس بول کے مجرب ہے پوست درخت
بید انجیر ریزہ ریزہ کرکے گائے کے دودہ کے ساتھہ جوش دین اور بطریق مرہم کے گرم کرکے ضماد کرین
پیشاب بند کے کھولنے مین مجرب ہے پشاک موش دو دام پانی مین ہیسکر نیم گرم زیر ناف طلا کرین
بول کو کھولتا ہے چھال اندرونی درخت لسوڑہ سیر بہر پانی مین جوش کرین جب نصف رہجاوے صاف
کرکے تہہا یا قدرے شکر سرخ ڈالکر پینا بول بستہ کو کھولتا ہے جونہ بقدر ایک ماشہ پان کے ساتھہ
کھانا مجرب ہے جرک گاؤمیش مریض کی ناف پر ملین فی الحال پیشاب کھولتا ہے یاد رکھو
اگر پیشاب بمشکل سے آوے اسکہ عسر البول کہتے ہین اگر مطلق پیشاب نہو اسکو حسر البول کہتے ہین

**سلسل البول** یعنی بار بار پیشاب آنے کے واسطے عباسی نے یہ نسخہ لکہا فلفل کندر قسط
شیر سمعد کوفی جلت بلوط زنجبیل دار فلفل باریک کرکے شہد خالص پانی مین حل کرکے قوام
کرکے دواؤن کو اس مین ملائین یہہ نسخہ لکہکر امام باذی سے کہا کہ ایک وقت مین ایک
شخص کو یہہ عارضہ ہوا تھا کچھہ گنتی نہ تہی دن بہر مین پچاس مرتبہ پیشاب کرتا تہا ابانے یہہ ہی
نسخہ لکہا اسکی مداومت سے مرض بالکل جاتا رہا نسخہ سیاہ نانخواہ ادرک مساوی قند سیاہ مین
ملاکر غلتولہ بنائین بقدر نصف دام کہائین کثرت بول اور بول فی الفراش کو نافع ہے نسخہ کلیجی ایک
تین ماشہ باریک کرکے مصری برابر ملاکر وقت خواب کہائین کو دون کو بہاڑ مین بہنواکر آٹا
کرکے شکر سفید برابر ملاکر ہر روز ایک کف دست کہانا مجرب ہے سنگہاڑہ خشک کو کوٹ چہانکر
شکر سفید ملاکر بقدر ایک تولہ کہانا نافع ہے مصطگی جفت بلوط تخم خشخاش سفید گل ارمنی تخم
خشخاش سیاہ خولنجان ہر ایک تین ماشہ کوٹ چہان کر نبات سفید برابر ملاکر بقدر تین ماشہ
کہائین جفت بلوط آٹھہ ماشہ کشنیز خشک مراسن بیخ سوسن گاؤزبان انیسون خفقان

زرورد سعد کوفی کندر ہر ایک چار ماشہ طباشیر سفید پانچماشہ مصطگی ایک ماشہ شکر سفید
برابر تین مثقال سوتے وقت کہائین گلنار گزمازج ہر ایک پانچدرم کشنیز خشک بریان صمغ عربی
گل ارمنی ہر ایک دہ۱۰ درم کندر تیس درم جفت بلوط پچاس درم کوٹ چہان کر سفوف بنائین
سعد کوفی کندر گلنار گزمازج ہر ایک چار درم صمغ عربی پانچدرم کوٹ چہان کر سفوف بنائین
خوراک تین درم جسکو کثرت سے پیشاب آتا ہو اسکو یہ نسخہ نافع ہی پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ
کوٹ چہانکر روغن مین چرب کرین گلنار سعد کوفی ہر ایک دو مثقال کندر نانخواہ ہر ایک ایک
مثقال باریک کرکے شہد مین ملائین یہہ معجون بہی کثرت بول کے واسطے نافع ہی کندر حب الاٰس
پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ قرنفل نانخواہ کبابہ ہر ایک تین درم زیرہ سیاہ مدبر پانچدرم
سعد کوفی مصطگی تخم قنب ہر ایک نصف درم بلوط چار درم کوٹ چہان کر سہ چند شہد کا قوام کرکے اسمین
ملائین خوراک دو مثقال یہہ معجون بہی کثرت بول کو مفید ہی خبث الحدید مدبر بلوط گلنار کندر
ہر ایک دہ۱۰ درم طباشیر سفید تخم قنب زیرہ سیاہ نانخواہ کرویا پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ
بلیلہ سیاہ ہر ایک تین درم شہد خالص سہ چند خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک جسکو
پیشاب کے راستہ سے خون آتا ہو اسکو یہہ نسخہ بہت مفید پڑتا ہی بسد احمر کہربائے شمعی
طباشیر سفید حب الاٰس کشنیز خشک بزر البنج صمغ عربی کتیرا سفید ہر ایک تین ماشہ خشخاش
سفید پانچماشہ نبات سفید تین تولہ سفوف کرین ہر روز سات ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھہ
کہائین ترشی سے پرہیز کرین یہہ گولیان بول الدم کے واسطے مفید ہین طباشیر سفید کتیرا
زرشک کشنیز خشک مقشر تخم خشخاش گل ارمنی صندل سفید گلنار صمغ عربی ہر ایک چہہ ماشہ
سنگہاڑہ خشک خارخسک تخم خرفہ قلعی کشتہ مغز تخم خیارین کہربائے شمعی اسپغول ہر ایک ایک تولہ
سوائے اسپغول کے سب کو باریک کرکے اسپغول کے لعاب مین گولیان بنائین خوراک ایک مثقال
شادنج مغسول دم الاخوین بسد احمر کہربائے شمعی گلنار شب یمانی تخم خرفہ گل ارمنی گل قرسی ادوی
باریک کرکے سفوف بنائین کہربائے شمعی بسد سوختہ مغسول تخم خرفہ مقشر صمغ عربی بریان کشنیز خشک

بریان بزرالبنج سفید لک مغسول طباشیر سفید کتیرا سفید نشاستہ سفید ہر ایک پانچماشہ تخم
حماض شاخ گوزن سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ گل ارمنی خرمہرہ سوختہ گلنار فارسی ہر ایک تین
ماشہ مصطگی بریان زعفران افیون خالص ایک ایک ماشہ قرص بنائین جسکو پیشاب جلن سے
آتا ہو اوسکو بنادق البزور ہمراہ لعاب اسپغول اور شربت بنفشہ کے بہت فائدہ کرتا ہی **بنادق البزور**
کا نسخہ یہہ ہی مغز تخم کدوئے شیرین بزرالبنج سفید تخم خرفہ سیاہ تخم خطمی مغز بادام شیرین کتیرا سفید
نشاستہ سفید رب السوس تخم خشخاش سفید گل ارمنی تخم کرفس ہر ایک دو ماشہ تخم خیارین
پانچماشہ تخم خربزہ دس ماشہ طباشیر سفید تین ماشہ حب کاکنج پانچماشہ باریک کرکے لعاب
بہدانہ کے ساتہہ بنادق تیار کرین سوزش بول کو مفید ہی صندل سفید صندل زرد صندل سرخ
ہر ایک دو سرخ تخم کاسنی کافور ہر ایک چار سرخ نبات سفید دو تولہ حرقت بول اور سوزش
بول کے لئے نافع ہی خار خسک تخم خربزہ ہر ایک چہہ ماشہ زیرہ سفید چار ماشہ انکا شیرہ نکالکر
دو تولہ گلقند آفتابی ڈالکر پئین بول الدم باندی سلس البول اور ذیابیطس مین جو فرق ہی تم جانتی
ہو اگر نہ جانتی ہو تو سنو **ذیابیطس** وہ مرض ہی کہ جیسا پانی پئین ویسا ہی بول کی راہ
سے کچہہ ایک دیر کے بعد باہر آئے سلسل البول اہن بے ارادہ آتا ہے ذیابیطس بڑا مشکل مرض ہی
علاج اسکا حسب حرارت اور برودت کے پوشیدہ نہین ہی حار مین قرص کافور قرص طباشیر
قرص گلنار قرص ذیابیطس اور بارد مین مثرودیطوس معجون ماسک البول دین اور یاد رہو
کہ ذیابیطس بارد شاذ و نادر ہوتا ہے اور یہہ بہی بات یاد رکہنی چاہئے کہ ذیابیطس بارد
مین پیاس ہوتی ہی مگر جیسی حار مین ہوتی ہی ویسی نہین ہوتی **قرص کافور** کا نسخہ یہہ ہی
طباشیر سفید صندل خرفہ کشنیز خشک تخم حماض تخم کاہو مغز تخم خیارین مغز تخم کدو صمغ عربی
گل ارمنی کافور ہر ایک بقدر مناسب لیکر باریک کوٹ کر قرص بنائین **قرص طباشیر**
کا نسخہ یہہ ہے طباشیر تخم کاہو تخم خرفہ گل ارمنی گل سرخ گلنار برابر لیکر کوٹ چہان کر
قرص بنائین **نسخہ معجون ماسک البول** کندر شاہ بلوط سعد کوفی خرنوب

ان چهه دواؤن کو باریک کرکے شهد مین ملاکر معجون بنائین خوراک دو مثقال یهه نسخه ذیابیطس
حار کے واسطے مفید هی یشب سبز ایک ماشه باریک کرکے آمله مربی کے اوپر چهڑک کر عرق بیدساده
پانچ توله عرق نیلوفر پانچ توله شربت نیلوفر دو توله ملاکر پئین حار کے واسطے نهایت نافع هی کشنیز خشک
گل سرخ طباشیر سفید تخم کاهو تخم خرفه گل ارمنی گلنار صمغ عربی هر ایک نصف ماشه کافور ایک سرخ
باریک کرکے سفوف بنائین ایک توله شربت انار شیرین مین ملاکر همراه تبرید معمولی کے کهائین بهت
نافع هی دوغ ترش غلیظ گوسفند برف پر سرد کرکے کهانا بهت نافع هی کشنیز خشک گل سرخ طباشیر سفید
تخم کاهو تخم خرفه گل ارمنی گلنار صمغ عربی هر ایک نصف ماشه کافور ایک سرخ باریک کرکے
سفوف بنائین شربت انار شیرین ایک توله مین ملاکر همراه تبرید معمولی کے پئین جامن کا کهانا
بهی نافع هی سبوس اسپغول تین ماشه مروارید ناسفته دو سرخ ورق نقره ایک سرخ طباشیر سفید
ایک سرخ سب کو باریک کرکے پہلے کهاکر پوست بیخ فالسه ایک توله پانی مین بهگو کر صبح کو پئین
خولنجان سعد کوفی جفت بلوط تخم کشنیز خشک حب الآس ساڑهے تین ماشه باریک کرکے سفوف
بنائین چار ماشه صبح کے وقت مفرح بارد وابض سات ماشه همراه نقوع چهال فالسه که ایک
دام هکو ریزه ریزه کرکے رات کو آسمان کے نیچے رکهین صبح کو ملکر صاف کرکے نبات سفید
ایک توله داخل کرکے پئین حار کے واسطے نهایت نافع هی پوست اندرونی درخت گولر سفوف
کرکے هموزن نبات سفید ملاکر ایک توله نهار کهائین فالسه کا افشرده پینا اکسیر و کوسر که مین
پرورده کرکے نبات کے ساتهه کهانا نفع عظیم بخشتا هی یهه نسخه ذیابیطس حار کو نافع هی گلو خشک
برگ جامن خشک قلعی کشته خاکستر مرجان صدف اصل السوس صمغ عربی کتیرا سفید گل نیلوفر
گاؤزبان مروارید ناسفته گل سرخ کشنیز خشک تخم خرفه صندل سفید کافور گلنار گل ارمنی
تخم خشخاش سفید مغز چلغوزه موصلی سیاه تخم سروالی مساوی کوٹ چهان کر سفوف بنائین
ایک توله ستاور آمله مقشر مصطگی خار خسک ست گلوست سلاجیت بنسلوچن پکهان بید گل
منڈی هر ایک چهه ماشه خشت چاه کهنه مدبر تین توله نبات سفید برابر باریک کرکے سفوف

بنائین خوراک ایک مثقال خشت کے مدبر کرنے کی یہہ ترکیب ہے خشت کو لیکر اجزاے ارمنی
کو جو اسکے اوپر ہوتے ہین اُسکو دور کرکے کوٹین اور پانی مین ڈالین کہ تہ نشین ہوجائے پھر اُسکا
پانی دور کرکے دوسرا پانی ڈالین ایسے ہی پانچ مرتبہ کرین اور عمل مین لائین اگر سات مرتبہ کرین
تو بہتر ہے قلعی کشتہ چودہ ماشہ مرجان کشتہ چار ماشہ گل سرخ عاج سوختہ تخم کاہو مقشر کشنیز خشک
مقشر زرشک حب کاکنج صمغ عربی گلنار ہر ایک چار درم مغز تخم خیار مغز تخم تربوز تخم خرفہ مقشر
صندل سرخ صندل سفید ہر ایک دو درم تخم کاسنی ایک درم کافور نصف درم کوٹ چھان کر
آب انار شیرین مین ملاکے قرص بنائین چار ماشہ کھائین حار کو نافع ہے مروارید ناسفتہ
بسد احمر کہربا شمعی زہر مہرہ خطائی ہر ایک تین ماشہ طباشیر سفید رب السوس ہر ایک چار ماشہ
تخم خرفہ تخم کاہو ہر ایک تیرہ ماشہ کشنیز خشک تخم خماص گل ارمنی زرشک ہر ایک ڈھائی ماشہ
صندل سفید گلنار پوست سماق صمغ عربی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کافور ایک ماشہ نا کستر لوبیت
بیضہ مرغ چار ماشہ بدستور متعارف قرص بنائین یہہ سب پندرہ خوراک ہین کمی بیشی حسب
مزاج موقوف طبیب کی رائے پر ہے یہہ نسخہ بھی مجرب ہے طباشیر سفید ملٹھی ہر ایک تین تولہ تخم
کاہو چھہ تولہ تخم خرفہ چار تولہ گلاب کے پھول تخم کشنیز خشک ساڑھے سترہ ماشہ اقاقیا صندل
سفید کیرو گلنار ہر ایک سات ماشہ کافور ڈیڑھ ماشہ کوٹ چھان کر قرص بنائین خوراک
پونے گیارہ ماشہ یہ قرص ذیابطیس کو نافع ہے طباشیر سفید رب السوس مغز تخم خیارین تخم کاہو
تخم خرفہ بریان صندل سفید ہر ایک ایک جز کشنیز خشک بریان گل ارمنی نشاستہ ہر ایک
نصف جز گلنار سماق صمغ عربی ڈیڑھ جز قرص بنائین یہہ قرص اسہال مین مجرب ہین قلعی کشتہ
چودہ ماشہ مرجان کشتہ چار ماشہ گل سرخ عاج سوختہ تخم کاہو کشنیز خشک زرشک حب کاکنج
صمغ عربی گلنار ہر ایک چار درم مغز تخم خیار مغز تخم تربوز تخم خرفہ مقشر صندل سفید صندل سرخ
ہر ایک دو درم تخم کاسنی ایک درم کافور نصف درم باریک کرکے آب انار شیرین مین بوزن
چار ماشہ کے قرص بنائین ایک صبح ہمراہ شیر تازہ کے ابھی حرارت اُسکی نہ گئی ہو اور ایک شام کو

وقت شربت ورد کے ساتھ کھائین یہہ قرص بھی مفید ہین تخم خورد مقشر ہرایک سات ماشہ
صمغ عربی نشاستہ سفید ہرایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ چھان کر اسپغول کے لعاب مین قرص
بنائین خوراک سات ماشہ دیگر طباشیر سفید رب السوس صمغ عربی کتیرا سفید ہرایک نصف درم کافور افیون
خالص ہرایک ایک قیراط اسپغول کے لعاب مین قرص بنائین معجون مجرب شربت انار شیرین ترش ہرایک آدھ پاؤ آب لوبخارا ے
تمر ہندی چار تولہ آب زنگترہ آدہ سیر نبات سفید آدہ سیر قوام کرین اخیر قوام مین عنبر اشہب
نصف ماشہ حل کر کے آگ سے اوتار کر • اُس مین یہہ دوائین باریک کر کے داخل کرین
تخم حماض کشنیز خشک زہر مہرہ مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین خرفہ مقشر تخم کاہو طباشیر
سفید ہرایک چھہ ماشہ گل گاؤ زبان چار ماشہ کہربا ے شمعی ورق نقرہ تودری سفید تودری
سرخ یشب سبز مرجان سرخ مروارید ناسفتہ ہرایک تین ماشہ خمیرہ ابریشم علوی خان اور
سفوف صندل اسباب مین مجرب ہین یہ یاقوتی ذیابیطس بارد کے واسطے مجرب ہے
سلسل البول تقطیر بول کے واسطے بھی مفید ہے مقوی گردہ و مثانہ ہے بول الدم کو نافع ہے
مروارید ناسفتہ ایک تولہ زہر مہرہ بسد احمر سوختہ کہربا ے شمعی ہرایک نو ماشہ حب الاس
جفت بلوط دم الاخوین شہد انج دانہ ہیل خورد شادنج عدسی مغسول دارچینی حب کاکنج
ثعلب مصری سعد کوفی صندل سفید صندل سرخ تودری سفید تودری سرخ تخم خشخاش سفید
بریان ابریشم مقرض ہرایک دو درم شربت حب الاس اور قند سفید سہ چند کا قوام کر کے
مشک خالص عنبر اشہب ہرایک ڈیڑہ ماشہ اُس مین داخل کرین خوراک سات ماشہ سے
نو ماشہ تک یہہ ماء اللحم ذیابیطس بارد کے واسطے مجرب ہے گوشت حلوان چار سیر گوشت
مرغ جوان تین عدد گوشت آہو ایک سیر زرنب بسفائج درونج عقربی ہیل بوا عشبہ دارچینی
شقاقل تودری سفید تودری سرخ دونو بہمن ہرایک تین تولہ جوز بوا ساڑھے چار تولہ ابریشم
خام ۵ ۲ تولہ بادرنجبویہ نو تولہ گاؤ زبان آدہ سیر مویز منقی ایک سیر عنبر اشہب مشک خالص
ہرایک تین ماشہ خوراک نو تولہ اور یاد رکھو جبکہ ذیابیطس پرانا ہو جاتا ہے تو اسکے پینے

مکھیان جمع ہوجاتی ہین اور چیونٹیان اس مین گرتی ہین اور مرتی ہین اسکو فارسی مین گل شیرین
سفید ہی مین شہد یہ کہتے ہین یہہ **بیان** کرکے عباسی نے کربلائی سے پوچھا اب کیا بجا ہوگا
**کربلائی** یہہ ہی کوئی دس بجے ہونگے **کاظمی** دس کیسے گیارہ کا عمل ہوگا **عباسی** گھڑی
دیکھکر ابھی تو ساڑھے نو بجے ہین ہم تمہارے جانے ہین تو بہت دیر ہی تم سب یہین بیٹھی رہو مین
ذرا کی ذرا لکھوہ دروازہ جناب **تقی حسن خان** صاحب کے ہان انکے فرزند دلبند
**تقی حسن خان** کے ولادت کی مبارکباد دینے جاتی ہون خدا کا لاکھ لاکھ احسان کروڑ
کروڑ شکر ہے کہ کئی لڑکیون کے اوپر اسنے یہہ صورت دکھلائی ہی اللہ تعالی اُسکو جیتا رکھے
ماں باپ کو اُسکی اولاد دیکھنے اور شادی کرنی نصیب ہو جناب **تقی حسن خان** صاحب
تو جب تک جہان ہی جہان مین رہین ائمہ اطہار علیہم الصلوۃ والسلام کے امان مین رہین )
نہایت خلیق ملنسار خندہ پیشانی کشادہ دل فراخ حوصلہ دست نواز بڑے بامروت آدمی
ہین حسن سیرت اور حسن صورت دونون مین خداوند عالم نے انکو یکتا پیدا کیا ہی انکے والد
ماجد جناب **شیخ منشی واجد علیخان** صاحب مرحوم مغفور مختار عدالت ہی (الہی انکے
روئین روئین کو چین کروٹ کروٹ بہشت اُنکی قبر پہ ہو بون کی سیج ) خلق و مروت
سیر چشمی حلم و علم و عقل و صدق و سداد و تورع زہد و تقوی مین اپنا نظیر نہین رکھتے تہے
**ایک عورت** کے کمر مین درد تہا معجون فلاسفہ حب ازاراقی معجون مسیحی وغیرہ استعمال
کرچکی تھی **عباسی** نے یہہ نسخہ حلوہ کا لکھا سونٹھہ مغز تخم ارنڈ ہر ایک چھہ دام روغن زرد شکر سفید
ہر ایک بارہ دام شیر گاؤ آدھ سیر اول مغز ارنڈ کو روغن مین بریان کرین پھر شیر ملا کر جوش کرین
جب وہ غلیظ ہو جاے شکر ڈالکر حلوا تیار کرین **کنیز سیدہ** نے کہا سہاگ سونٹھہ بہی کمر کے درد
کے واسطے مفید ہی **عباسی** مفید کیا بہت مجرب ہی اسکا نسخہ تو مین تمکو بتلا چکی ہون کیون یاد
کرنہین اگر یاد نہین ہے تو سنو سہاگ سونٹھہ کا نسخہ یہ ہی زنجبیل آدہ پاؤ کوٹ چہان کر آدہ پاؤ
روغن زرد مین بریان کرکے تین پاؤ گائے کے دودہ مین جوش کرین جبکہ غلیظ ہو جاے

مغز تخم خربزہ مغز حب السمنہ نشاستہ سفید سنگہاڑہ خشک سگند موصلی سفید موچرس گوند ناگوری
دانہ الایچی کلان ششتاور ہر ایک ایک تولہ ساتج ہندی صندل سفید سلیخہ گل دہاوہ ہر ایک
نو ماشہ خار خسک فلفل دراز فلفل سیاہ سنبل الطیب سعد کوفی مغز تخم کونچ چنیا گوند ہر ایک
چہ ماشہ باریک کرکے قند سفید سپید کا قوام کرکے دواؤن کو اس مین ملائین اور ایک دانہ مین فی
تمکو ایک پنڈی کا نسخہ بتایا تہا یقین ہے وہ بہی تو ضرور یاد ہوگا اور ایک اور نسخہ پنڈی کا
بتلاتی ہون یہہ پنڈیان بہی کمر کے درد کے واسطے بہت نافع ہین بالمکہانہ تخم اٹنگن پوست بیلہ
آملہ خشک ماذوہی سبز زیرہ سیاہ زیرہ سفید لودہ پہانی ہر ایک دو تولہ الایچی خورد الایچی کلان
تخم سروالی جائفل قرنفل ہر ایک ایک تولہ مغز بنیبہ دانہ فوفل چار چار تولہ باریک کرکے چہانین
صمغ عربی نو تولہ نشاستہ سفید ڈیڑہ پاؤ روغن زرد مین بریان کرکے شکر سفید کا قوام کرکے دوا کو
اس مین ملاکر پنڈی بنائین یہ نسخہ بہی کمر کے درد کے واسطے لاجواب ہے سورنجان شیرین
پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ کابلی ہر ایک دو تولہ تربد سفید مجوف خراشیدہ تین تولہ بوزیدان
زنجبیل ہر ایک سات ماشہ پوست بیخ کبر پوست بیخ کرفس ہر ایک ایک تولہ فلفل سیاہ برگ سنا
ہر ایک نو ماشہ سنا مکی تین تولہ سقمونیا نے شوی تین تولہ تخم کشوث ایک تولہ غاریقون بالون
کی چہلنی مین چہنا ہوا تین ماشہ نمک لاہوری ڈیڑہ تولہ باریک کرکے چہانین گاے کے گہی مین
چرب کرکے ایک ایک تولہ کی پوڑیان باندہین یاد رکہو کہ وجع خاصرہ تہیگاہ کے درد کو کہتے ہین
اسکا علاج بہی مثل کمر کی درد کے علاج کے ہے کنیز تسیدہ وجع المفاصل کس درد کو کہتے ہین **عباسی**
جوڑون مین درد ہوتا ہے اور اسکو گٹہیا بہی کہتے ہین اطبا کی اصطلاح مین ایسا ٹہر گیا ہے
کہ جو درد ہاتہ اور پاؤن کے جوڑون مین ہوتا ہے اسکو وجع المفاصل کہتے ہین اور جو سرین کے
مفصل مین ہوتا ہے اسکو وجع الورک کہتے ہین اور جو سرین کے مفصل سے اٹہتا ہے اور پاؤن کی طرف
اوتر کرتا ہے اسکو عرق النسا بولتے ہین اور جو ٹخنے کے جوڑ مین یا پاؤن کی انگلیون کے
جوڑ مین خاصکر انگوٹہے مین پیدا ہوتا ہے نقرس کہلاتا ہے اور سب قسمون کے سبب ایک ہی ہین

اور ایک سا بہی علاج ہے پاؤن کے انگوٹھے کا جوڑ نقوروس کہلاتا ہے اور اسی لفظ سے نقرس کا
نام نکلا ہے حال کا نام محل کے نام پر رکھا نقرس سخت اور شدید ہوتا ہے خاصکر جونسا انگوٹھے مین
ہوتا ہے اور یہ ہی اکثر ہوتا ہے کیونکہ انگوٹھے کا جوڑ تنگ ہے جو مادہ اس مین آتا ہے تحلیل نہین ہوتا
اور شدت سے تمدد کرتا ہے اور نقرس اُن امراض مین سے ہے کہ باپ سے بیٹے کو میراث پہونچتا ہے
عرق النساء بفتحہ نون اُس رگ کا نام ہے کہ اس جگہ واقع ہے اطبا کی عادت ایسی ہے ٹہر گئی ہے کہ وجع النسا
کو عرق النسا بولتے ہین پہر عباسی کنیز حسن کی طرف مخاطب ہو کر بولین کہ لو اکنیز حسن ان امراض
کے نسخجات جو مین نے تمکو بتلائے تہے یاد ہین ذرا سناؤ تو سہی کنیز حسن بہت اچہا یہ گولیان
واسطے درد مفاصل و نقرس و عرق النساء اور وجع الورک کے مجرب ہین صبر زرد سورنجان شیرین
پوست ہلیلہ زرد سنا مکی مصطگی مساوی کوٹ چہانکر روغن بادام سے چرب کرکے گولیان بنائین
خوراک دو درم وقت خواب دیگر وجع مفاصل درد زانو و پشت کے مفید ہے صہ سورنجان شیرین
موصلی سیاہ دار فلفل اجواین پیپلا مول مغز کرنجوہ ہر ایک ایک درم ستاور بدہارہ زنجبیل اسگند
ناگوری ہر ایک دو دام کوٹ چہان کر قند سیاہ کہنہ مین ملاکر جنگلی بیر کی برابر گولیان بنائین
خوراک ایک حب یا زیادہ دیگر درد مفاصل درد زانو و پشت کے واسطے نافع ہے صہ فلفل اجمود
دار فلفل بائی برنگ دیودار سورنجان شیرین چیتہ بادیان نمک سنگ فلفلمویہ ہر ایک بارہ درم
تربد سفید بدہارہ زنجبیل اسگند ناگوری ہر ایک دو دام کوٹ چہان کر قند سیاہ کہنہ برابر
ملاکر جنگلی بیر کی برابر گولیان بنائین اور ایک گولی روز کہائین دیگر درد مفاصل کے واسطے
سورنجان شیرین برنگ کابلی ہر ایک ایک تولہ زنجبیل مقل اسگند بوزیدان بدہارا موصلی آملہ
ہر ایک چہہ ماشہ شیطرج فلفل دراز زیرہ سیاہ ہر ایک تین ماشہ مویز منقی برابر سب کو کوٹ
چہان کر جنگلی بیر کی برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کہائین دیگر بدہارہ اسگند
تربد ہر ایک ڈیڑہ تولہ فلفل دار فلفل فلفلمویہ ہر ایک ایک تولہ زنجبیل سورنجان شیرین بادیان
ہر ایک نو ماشہ شیطرج نانخواہ ہر ایک چہہ ماشہ قند سیاہ کہنہ پاؤ سیر گولیان بنائین خوراک

حسب مزاج دیگر پوست بلیلہ زرد بلیلہ سیاہ بادیان فلفل دار فلفل کالی ہریری مغز کرنجوہ ہر ایک
ایک جزمویز منقی پانچ جز گولیان بنائین دو درم ہر روز کہائین دیگر سورنجان سات درم گل سرخ
سنا مکی ہر ایک پانچ درم پوست بلیلہ زرد تربد مغز بادام شیرین مصطگی رب السوس ہر ایک دو درم
زعفران ڈیڑھ دانگ قند سفید دس درم خوراک ۲ دو درم سے چار درم تک یہ نسخہ ایک روز مین اچھا
کرتا ہے ۱۳ اطریفل سوت سفید ہر ایک پونے دو تولہ پوست بلیلہ زرد بوزیدان سورنجان ہر ایک سات
ماشہ سونف رومی سقمونیا ہر ایک سوا پانچ ماشہ گوگل ساڑھے تین ماشہ گندنا کے پانی مین گولیان بنائین
خوراک ساڑھے دس ماشہ گرم پانی کے ساتھہ دیگر زیرہ سیاہ پودینہ خشک ہر ایک دو ماشہ
سورنجان شیرین سات ماشہ مرچ سیاہ ایک ماشہ باریک کرکے نبات سفید ایک تولہ دو ماشہ
ملا کر سفوف بنائین خوراک تین ماشہ یہہ نسخہ ایک دن مین اچھا کرتا ہے صبر زرد تربد سفید مجوف پوست
بلیلہ زرد سورنجان شیرین بوزیدان انیسون سقمونیا مشوی ہر ایک دو ماشہ سب کو باریک
کرکے چنے کی برابر گولیان بنائین دیگر برگ سنبھالو برگ دہتورہ برگ ارنڈ برگ تہور برگ سہجنہ برگ سنبہ
برگ بکاین ان سب پتون کو مساوی لیکر عرق نکالین اور روغن کنجد برابر لیکر اسقدر جوش کرین
کہ پانی جل جاے اور تیل رہجاے سورنجان شیرین اور قسط تلخ باریک کرکے اُس مین ملائین دیگر درد
نقرس کو یہہ گولیان ایک ساعت مین فائدہ کرتی ہین ۱۵ فرفیون زنجبیل ہر ایک چار درم مصطگی چہہ درم
سورنجان نو درم انیسون زیرہ سیاہ فلفل سفید دار فلفل مغز حب قرطم سلیخہ ہر ایک دو درم کوٹ
چہان کر سونف کے عرق مین گولیان بنائین خوراک دو درم ایک دن مین بلکہ ایک ساعت مین فائدہ
کرتا ہے ۱۶ صبر زرد تربد سفید مجوف خرشیدہ ہر ایک چہہ درم پوست بلیلہ بوزیدان سورنجان ہر ایک
دو درم انیسون سقمونیا ہر ایک ایک درم مقل ازرق ڈیڑھ درم گندنا کے پانی مین گولیان بنائین
خوراک تین درم دیگر نقرس کو نافع ہے انیسون زیرہ سیاہ فلفل سفید دار فلفل مغز حب قرطم ہر ایک
دو درم سلیخہ ایک درم زنجبیل فرفیون ہر ایک چار درم مصطگی چہہ درم سورنجان بیس درم سونف
کے پانی مین گولیان بنائین خوراک دو درم یہہ نسخہ واسطے جمیع اقسام درد مفاصل و نقرس و عرق النسا

دو درد پشت کو نافع ہی سورنجان شیرین سات مثقال گل سرخ سنا رکی ہر ایک پانچ مثقال پوست
بلیلہ زرد تربد سفید مجوف خراشیدہ روغن بادام مین چرب کر کے مغز بادام شیرین ہر ایک چار مثقال
بوزیدان بسفایج مصطگی رب السوس دو دو مثقال سقمونیا ے شوی لاجورد مغسول حجر ارمنی مغسول
ہر ایک ایک مثقال زعفران دو دانگ قند سفید دس مثقال کوٹ چھان کر شیشہ مین رکھین خوراک
دو درم **استانی جی** جو نسخہ تیل کا آپنے **جناب بابو ڈونگرمل صاحب وکیل عدالت**
کے ہان بنوایا تہا وہ تو میرے ذہن سے اوتر گیا اور تو کل نسخجات مجکو یاد ہین آپ نے سن ہی لیو انشاء اللہ
وہ بہی اب یاد کروان گی کیون استانی جی **بابو ڈونگرمل صاحب** وکیل تو پنجاب کے رہنے والے
ہین نا **عباسی** انکا وطن شریف **جالندھر** ہے وہان کے رئیس ہین مدت سے میرٹھ مین رونق افزا
ہین اس شہر کو اپنے قدوم تقدس لزوم سے منور کر رکہا ہے ۱۸۹۵ء مین ایک کوٹھی نہایت عجیب و غریب
نفیس و لطیف دلکش دل پسند دلچسپ فرحت بخش روح افزا ہزار ہا روپیہ خرچ کر کے تعمیر کرائی ہے
موقع ہی بہت عمدہ پایا ہے کنبوہ دروازہ سے نکلتے ہی دست راست جو سڑک نہین گئی ہی او سپر
لب سڑک واقع ہی نہ اس کوٹھی کی خوبی و خوشنمائی بیان ہو سکتی ہی نہ جناب بابو صاحب کے اوصاف
حمیدہ و برگزیدہ کی تعریف و توصیف کی جا سکتی ہی جناب بابو صاحب اللہ اونہین سلامت رکھے
اعلی درجہ کے خلیق انتہا درجہ کے بامروت نہایت نیک مزاج نیک دل نیک صفات نیک نیت عالی
دماغ بیدار مغز معاملہ فہم بڑے قابل و لایق و فایق اول درجہ کے وکیل بڑے قانون دان وکالت مین
شہرہ آفاق ہین کون ہی کہ جو انکو نہین جانتا آفتاب سے زیادہ مشہور ہین دیوانی فوجداری دونو مین
بے نظیر ہین ہائی کورٹ تک انکی وکالت کی تعریف و دہوم ہی ممالک مغربی و شمالی و پنجاب دونو کا
پاس حاصل ہی مگر یہہ ہمارے طالع کی خوبی اور خوش نصیبی ہی کہ جناب بابو صاحب نے اس شہر کو وکالت
کے واسطے پسند کیا اور ہم لوگ ایسے منتخب روزگار کے شرف قدمبوسی سے بہرہ اندوز ہوئے جناب
بابو صاحب وکالت کو اس طریقہ اور خوش اسلوبی اور دیانت داری سے انجام دیکر رہے ہین کہ ہر شخص کے دل
مین انکی طرف سے گنجایش ہی جناب بابو صاحب کی ذات بابرکات اس ضلع مین مغتنمات سے ہے۔

**ایک روز** عباسی جب مرثیون سے فراغت پا چکی تو کہا لڑکیو کل جہان سے سبق چھوڑا تہا پڑہو مگر ذرا تہوڑا ہی پڑہنا کنیز حسین نے پڑہنا شروع کیا حمی تپ کو کہتے ہین اطبا کی اصطلاح مین تپ اُس حرارت غریبہ سے مراد ہے کہ دل مین بھڑکے یا کسی اور عضو مین اور وہان سے مشتعل ہوکر دل مین آئے اور دل مین بوسیلہ روح اور خون اور شرائین کے تمام بدن مین پہیل جائے اور اسکو گرم کرے اسکے خواص سے ہی کہ سائر افعال یا البعض کو ضرر پہنچائے بحسب ضعف و قوت سبب افعال طبعی اشتہائے طعام و آب و ہضم غذا بیٹھنا اٹھنا چلنا سونا اور کلام کرنا ہی حرارت کہ انسان کے بدن سے تعلق رکہتی ہی تین قسم کی ہی غریزی اسطقسی غریبی غریزی جالینوس کے نزدیک حرارت ناری عنصری سے عبارت ہی کہ مزاج اور قوام بدن سے مستفاد ہوتی ہے زمانہ حیات تک بدن مین رہتی ہی اسطقسی وہ حرارت عنصری ہی کہ جزو ماہیت انسان کے بدن کی ہوتی ہی حیات مین بہی اور بعد ممات کے بہی جب تک بدن باقی ہی باقی رہتی ہی اسی سبب سے مردہ کا بدن سیاہ اور متعفن ہو جاتا ہے اگرچہ اسکو وقت مین دفن کرین غریبی یعنی غیر طبعی وہ حرارت ہی کہ زندہ کے بدن مین پیدا ہوتی ہے جسکی شان سے بدن کا ایذا دینا ہے اور وہ نہ مقوم جزو بدن ہی اور نہ جزو ماہیت ہے بلکہ مغایر قسم اول و ثانی سے ہے شیخ نے کہا ہے جو کچھ انسان کے بدن مین ہی وہ تین جنس سے خالی نہین ایک تو اعضا ہین کہ وہ بدن کی اصل اور بنیاد ہین جو کچھ اس مین رطوبات اور ارواح ہین اسکو گہیرے ہوئے ہین دوسری جنس اخلاط اور رطوبات ہین کہ بدن کی خلوتون مین پہیل رہی ہین تیسری جنس ارواح اور بخارات ہین کہ بدن مین مانند ہوا کے پراگندہ ہین متقدمین نے ترکیب بدن کو حمام سے تشبیہ دی ہی پہلی جنس یعنی اعضائے اصلی ایسی ہین جیسے حمام کی دیوارین اینٹین اور پتہر دوسری جنس کہ اعضائے اصلی مین گہر رہی ہی وہ حمام کے پانی کی مثال ہی تیسری جنس کہ روح اور بخار ہی وہ بجائے حمام کی ہوا کے ہے جسوقت تپ کی حرارت اعضائے اصلی مین لگ جاتی ہی ایسا ہوتا ہے جیسا آگ کی گرمی حمام کی دیوار اور اینٹ اور پتہر مین لگ گئی ہی اسکو تپ دق کہتے ہین اور جسوقت تپ کی حرارت اولاً اخلاط اور دوسری دفع رطوبات مین لگتی ہی پہر اعضا مین پہنچتی ہی اسکی ایسی

مثال ہی اگر گرم پانی حمام کے طاس میں ڈالین اور حمام کی اینٹین پتھر اور دیوارین اس سے گرم ہوجاتین
اسکا نام حمی خلطیہ ہی اور یہان خلط سے بدن کے تمام رطوبات مراد ہین نہ وہی چارون اخلاط
چنانچہ قرشی نے لکھا ہے کہ خلط سے یہان وہ چیز مراد ہے کہ رطوبات بدن کو عام ہو یہہ نہین کہ
خلط کے نام ہی سے مخصوص ہو جس وقت حرارت پہلے ارواح اور ابخرے مین لگ جائے پہر اس مین سے
اعضا اور اخلاط مین تو اسکی ایسی مثال ہی کہ حمام مین آگ جلائین اور اسکی ہوا گرم ہوجائے پہر
ہوا کی گرمی سے پانی اور دیوارین گرم ہوجائین اسکو حمی یومیہ کہتے ہین یومیہ اسوجہ سے کہتے ہین
کہ اکثر ایک رات دن مین جاتی رہتی ہی بشرطیکہ دوسری تپ سے نہ منتقل ہوجاے کبھی شاذ و نادر
تین دن تک بہی ٹھہر جاتی ہی بعض کہتے ہین چھہ روز تک رہتی ہی اور یہہ بہت کثیر الخطر نہین ہی
اور جلد ردی ہی اور سہل العلاج ہے حمی یوم کی بہت قسم ہین غمی ہمی فزعی فکری غضبی فرحی سہری
قشفی تعبی استفراغی وجعی غشی جوعی عطشی سددی استحصافی شمسی ناری غذائی دوائی زکامی
نزلی شرابی زحیری معنی ہر ایک کے معلوم ہین ہر ایک ان اسباب سے جب زیادہ ہوتے ہین روح کو گرم
کرتے ہین اور تپ لاتے ہین پس تعلق حرارت کا زیادہ جس روح سے ہوتا ہی یعنی نفسانی یا حیوانی یا طبیعی
تپ کو بہی اسی روح کے ساتھہ نسبت کرتے ہین یعنی حمی یوم نفسانی حمی یوم حیوانی حمی یوم طبیعی علاج
اسکا دفع کرنا سبب کا ہی جس سبب سے ہوئی ہو اس تپ مین غذا سے باز نہ رکھین مگر اس تپ مین
کہ جو تخمہ سے ہو اور نیز ہر تپ مین استفراغ کی حاجت نہین لیکن جو تپ سدہ کے باعث سے ہی
اس مین استفراغ کرین گے کیونکہ سدہ امتلاء سے پڑتا ہے اور استحصافی مین باوجودیکہ بدن
ممتلی ہو استفراغ نہ کرین گے تخمی مین بہی کہ ثقل موجود ہو علیٰ ہذا القیاس نزلی مین بہی کہ جار ہوئی ہوئے
ہاتھہ پاؤن کی مالش اور ریاضت کرنا اعتدال پر اور حمام کرنا تپ استحصافی مین بہت نافع ہی
اور سددی مین بہی نافع ہی تپ استحصافی اسکو کہتے ہین کہ مسام بند ہوجاتین اور بشرہ کثیف ہو
اور سددی وہ ہے کہ تنگ رگون کے اندر مادہ بند ہو تپ قشفی وہ ہے کہ ترک ریاضت اور حمام
اور جو چیزین کہ فضلون کو تحلیل کرتی ہین واقع ہون خواہ سدہ پڑے یا نہ پڑے خلط جاری ہین

تپ کی بہی چار قسم ہین تپ خونی تپ صفراوی تپ بلغمی تپ سوداوی تپ خونی کی دو قسم ہین
ایک تو یہہ ہے کہ خون گرم ہوا اور بڑھ جاے اور تپ لائے اور متعفن نہ ہو دوسرے یہہ ہی کہ خون مین
بدبو ہو اُس سے تپ آئے اس تپ کو مطبقہ کہتے ہین اور جو خون مین بدبو نہ ہو فقط گرم ہونے سے
تپ آئے اسکا نام سونوخس ہی صفراوی کی تین قسم ہین غب دائرہ غب لازمہ و محرقہ اگر مادہ
صفرا کا داخل رگون مین عفن ہوا ایک دن درمیان دیکے آئے اور شدت کرے اس تپ کا نام
غب لازم ہی اگر مادہ مذکور رگون مین کہ جو معدہ اور دل کے حوالی ہین ہین عفن ہو جائے تو عوارض
لشدت تمام ہون گے اسکو تپ محرقہ کہتے ہین اور جو خارج رگون مین عفن ہو غب دائرہ بولتے ہین
جہان مادہ صفرائی خالص ہو غب خالص کہتے ہین اگر بلغم کے ساتہہ مرکب ہوا اور ترکیب اُسکی
ایسی ہو کہ تمیز نہ ہو سکے غب غیر خالص کہتے ہین اگر تمیز ہو سکے اسکو شطر الغب کہتے ہین تپ بلغمی
مین اگر مادہ بلغم کا داخل رگون مین بدبو کرے اسکا نام تپ لثقہ ہی یہہ مادہ اگر بلغم شورا ور عروق
اور نواحئے دل اور معدہ کے ہو اسکو بہی محرقہ کہتے ہین محرقہ صفراوی اور محرقہ بلغمی مین فرق ظاہر ہی
اگر خارج رگون مین عفن ہو نائبہ اور مواظبہ نام ہی ایک حمی بلغمی کی قسم ہی کہ اندر سے سرد ہوتا ہی اور باہر
گرم اسکو حمی انقیالوس کہتے ہین اور ایک قسم ہی کہ اندر گرم ہوتا ہے اور باہر سرد اسکو حمی لیغوریا کہتے ہین
اور ایک قسم ہی کہ دن مین آئے رات کو اوتر جائے اسکو نہاری کہتے ہین اگر اسکے برعکس ہو اسکو لیلی کہتے ہین
سوداوی مین بہی اگر مادہ اسکا داخل عروق مین نہ ہو اسکو ربع لازم کہتے ہین اگر خارج عروق مین ہو
ربع دائرہ بولتے ہین دق کے معنی لغت مین ہد دو نزار ہین یعنی ساکن اور نرم ہونا اور دبلا ہونا چونکہ
اس تپ کی حرارت ساکن اور نرم ہوتی ہی اور دبلا ہونا اسکو لازم ہی یہہ نام رکھا انسان کے بدن مین
تین رطوبتین ہین پہلی رطوبت وہ ہی کہ شبنم کے طور پر چھوٹی چھوٹی رگون مین اور تمام اعضائے اصلی پر
بہر رہی ہی اسکی منفعت یہہ ہی کہ جب غذا نہ پہونچے وہ تحلیل کا بدل ہوجائے دوسرے رطوبت وہ ہے
کہ اعضا مین سرایت کرگئی اور ویسے ہی بنگئی ہو لیکن ابہی انجماد کامل نہین ہوا یہہ رطوبت قوی حرارت
کے پہونچنے سے اور افراط کی ریاضت سی گلتی ہی اور تحلیل ہوجاتی ہی تیسری رطوبت وہ ہے کہ اعضائے اصلی کا

اس سے خمیر بنا ہے اور بدن کے تمام اعضای اسکی جہت سے مل رہی ہین جسوقت کہ یہ رطوبت فنا
ہو جاتی ہی تمام اعضا کا اتصال بطل ہو جاتا ہے اطبا پہلی رطوبت کو چراغدان کے روغن سے تشبیہ
دیتے ہین اور دوسری رطوبت کو اس روغن سے کہ بتی نے کھینچ لیا ہی تیسری رطوبت کو اس روغن
سے کہ جسکے سبب بتی کے اجزا مین اتصال ہی تشبیہ کرتے ہین جسوقت کہ پہلی رطوبت بدن سے کم ہو جاتی ہی
خاصکر بڑہاپے کے والی ایسا ہوتا ہے گویا چراغدان کا روغن خرچ ہو گیا اور روشنی کی مدد ٹوٹ گئی
اور اب یہان تک نوبت پہونچی کہ جو نسا روغن فتیلہ مین ہی وہ بھی خرچ ہوا چاہتا ہی یہہ دق کا پہلا
درجہ ہی اسکا جلد علاج ہو سکتا ہی لیکن اس دق کا پہچاننا مشکل ہی کیونکہ دق اس حالت مین حمی
لقیقہ کے مشابہ ہوتی ہی جسوقت دوسری رطوبت خرچ ہوتی ہی ایسی مثال ہی کہ فتیلہ کا روغن صرف
ہوتا ہے یہہ دق کا دوسرا درجہ ہی اسوقت مین دق کو ذبول کہتے ہین اور ذبول اسان معلوم ہوتی
ہے اسکے تین مرتبہ ہوتے ہین اول اوسط اخر جب مرتبہ اخر ہوتا ہے علاج پذیر نہین ہوتا جسوقت
تیسری رطوبت خرچ ہونے لگتی ہی ایسا ہوتا ہی کہ گویا جس رطوبت سے فتیلہ کے اجزا مین اتصال
ہے وہ فنا ہوتی ہی اس حالت مین دق کو مفتت مختت اسکا علاج غیر ممکن ہی دق الشیخوخت
ایک مرض ہی مشابہ دق کے اسکو دق الہرم بھی کہتے ہین وہ یہہ ہے کہ حال جوان کا مشابہ پیرون
کے ہو جائے اور حال پیرون کا بدتر زیادہ اس سے ہو جاے یہہ مرض اکثر بڈہون کو ہوتا ہی جوانون کو
کم لڑکون کو بہت کم جب یہہ مرض مستحکم ہو جاتا ہی علاج پذیر نہین ہوتا علاج تپ دموی کا فصد ہفت
اندام یا باسلیق ہی بعد فصد کے لعاب بہدانہ تین ماشہ شیرہ عناب پانچدانے عرق شاہترہ عرق مکو
ہر ایک چہہ تولہ مین نکالکر شربت بنفشہ دو تولہ حل کرکے خاکسی پانچماشہ چہڑک کر پلادین شام کیوقت
لعاب بہدانہ یا لعاب اسپغول عرقیات مین نکالکر شربت نیلوفر ڈالکر خاکسی چہڑک کر پلادین شیرہ تخم کاہی
شیرہ تخم خرفہ ہر ایک چہہ ماشہ عرق شاہترہ پانچ تولہ گلاب چار تولہ شربت نیلوفر دو تولہ پلانا مفید ہی
دیگر عناب سات دانے املی تین تولہ عرق شاہترہ مین ملکر شربت نیلوفر داخل کرکے خاکسی چہڑک کر
دین دیگر شاہترہ چہہ ماشہ عناب سات دانے گل بنفشہ چہہ ماشہ املی دو تولہ اگر مزاج مین گرمی زیادہ ہو تو

خیسانده ورنہ جوشانده بنات خاکسی داخل کرکے دین دیگر زرشک املی عرق شاہترہ مین بھگو کر
شربت عناب ڈالکر پلائین اس تپ مین کبھی فصد تنہا کفایت کرتی ہی تبرید کی حاجت نہین ہوتی
اور کبھی واسطے تلطیفیہ خون کے مثل شیرہ کاسنی کا ہو کشنیز شربت عناب صندل بنفشہ نیلوفر آلو اور
مانند انکے جو سرد ہوون دیتی ہین صفراوی کا یہ علاج ہے شیرہ مغز تخم کدوے شیرین ڈیڑہ درم
یا تین درم تنہا یا شیرہ تخم کا ہو مقشر دو درم عرقیات مین مثل عرق شاہترہ عرق مکو نیلوفر سیاہ دم
ہر ایک پانچ تولہ مین نکالکر شربت نیلوفر دو تولہ داخل کرکے خاکسی سات ماشہ چھڑک کر دین اگر
ضعیف ہو تو عرق بید مشک گلاب عرق کیوڑہ عرق گاؤزبان تین تین تولہ اضافہ کرین
صندل کو گلاب مین گھسکر کپڑے کو اُس مین ترکرکے جگر اور دل پر رکھین اور اضطراب اور خفقان
کے واسطے بہت مفید ہے عطر خس و صندل و گلاب و نیلوفر و کشنیز سبز سنگھائین غذیان کے
وقت روغن گل سرکہ و گلاب مین ملاکر کپڑے کو اُس مین ترکرکے رکھین زبان کی خشکی کے واسطے
مضمضہ اسپغول کے لعاب کا کرنا مفید ہی دیگر لعاب اسپغول شیرہ مغز تخم کدو شیرین ہر ایک چھہ ماشہ
عرق کاسنی عرق مکو عرق شاہترہ ہر ایک پانچ تولہ مین نکالکر شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر خاکسی
پانچ ماشہ چھڑک کر پلائین دیگر آب تمر ہندی تین تولہ شیرہ تخم کاسنی شیرہ مغز تخم کدو ہر ایک چھہ ماشہ
لعاب بہدانہ تین ماشہ گلاب چار تولہ گلقند دو تولہ دیگر سکنجبین لیموی تین تولہ عرق مکو سات تولہ
گلاب خالص چار تولہ مین ملاکر خاکسی چھہ ماشہ چھڑک کر پلائین دیگر گل سرخ گل بنفشہ گل نیلوفر
ہر ایک چھہ ماشہ خیساندہ کرکے صاف کرین شیرہ تخم کاہو شیرہ تخم خیارین ہر ایک چھہ ماشہ نبات سفید
دو تولہ داخل کرکے دین دیگر لعاب اسپغول شیرہ مغز تخم کدو عرق کاسنی عرق مکو عرق شاہترہ ہر ایک
پانچ تولہ مین نکالکر شربت نیلوفر دو تولہ داخل کرکے دین یہہ گولیان تپ صفراوی کے واسطے
مفید ہین زہرمہرہ خطائی دو جز مروارید ایک جز . خوب باریک کرکے گلاب مین دو دو ماشہ
کی گولیان بنائین دیگر تپ لرزہ صفراوی کے واسطے نافع ہی تمر ہندی دو دام گرم پانی مین ملکر شکر سرخ
دو دام اس مین حل کرکے اول اسپغول بقدر دو دام تھوڑے پانی مین ملاکر پئین بعد ایک گھڑی کے

شربت مذکور نوش کرین تین روز اسیطرح کرین دیگر ست گلو طباشیر سفید ہموزن دونون کا سفوف
کر کے ایک ماشہ تپ کیواسطے جو لرزہ اور سردی سے ہو دین ایک دن مین تپ برطرف ہو جاتی ہے
دیگر شیرہ تخم کاہو شیرہ تخم خرفہ ہر ایک دو درم پانی مین نکالکر آب تمر ہندی دو تولہ زیادہ کرکے
اسپغول مسلم ایک تولہ پیالے کھا کر اوپر سے پئین دیگر مطبوخ ہندی تپ لرزہ صفراوی کے واسطے عجیب
الفعل ہے خس ہر سہ صندل سرخ کشنیز خشک پوست بیخ زیب بدماکہہ گلوی سبز سب کو مساوی لین
اور ہر روز بقدر دو دام ایک سیر پانی مین جوش کرین جبکہ نیم پاؤ پانی رہے صاف کرکے تین
تپ گرم دور ہو جاتی ہے پانچ روز تک یا سات روز تک کام مین لائین دیگر گلوے سبز دھنیہ پت پاپڑہ
گل نیلوفر خس صندل سفید و سرخ برگ بانسہ بدستور جوش کرکے دین اگر تلئین کی احتیاج ہو تو ہلیلہ
داخل کرین یا مغز فلوس زیادہ کرین اگر بوجہ تلخی کے مریض ان دوائون کو نہ پی سکے تو انکا عرق
کھینچین دیگر عنب الثعلب خشک سات ماشہ گل بنفشہ چھ ماشہ گل نیلوفر سات ماشہ اصل السوس
چار ماشہ خطمی خبازی پانچ پانچ ماشہ شاہترہ چھ ماشہ تخم خیارین نو ماشہ رات کو گرم پانی مین بھگو کر
صبح کو ملکر صاف کرکے نبات سفید ڈالکر خاکسی چھڑک کر دین خاکسی ایک تولہ کو عرقیات مناسبہ مین
روز اول ایک جوش روز دویم دو جوش ایسے ہی سات روز تک ایک ایک جوش زیادہ کرکے
شربت بزوری یا شربت بنفشہ داخل کرکے دین پھر اخیر ہفتہ دویم تک ایک ایک جوش کو کم کرین
تپ بلغمی کے واسطے بہت مفید ہے متاخرین کا یہ معمول ہے کہ بلغمی مین واسطے نضج کی بادیان
اصل السوس چار چار ماشہ انیسون تین ماشہ جوش دیکر صاف کرکے گلقند ملا کر دیتے ہین کبھی
زرشک بھی نضج مین زیادہ کرتے ہین تاکہ دوا کی گرمی کی اعتدال کرے بعد ایک ہفتہ کے اور
نضج ظاہر ہونے کے بعد پرسیاوشان پانچ ماشہ تربد سفید چھ ماشہ مویز منقی دو تولہ انجیر زرد تین دانے
برگ سنا مکی ایک تولہ منضج مین زیادہ کرکے جوش دیکر صاف کرکے مغز فلوس چھ تولہ گلقند چار تولہ
ملکر پھر صاف کرکے روغن بادام چار ماشہ اگر نہ ہو تو شیرہ مغز بادام سات دانے ملاکر مسہل دین
اگر واسطے اخراج بلغم غلیظ کے مسہل قوی چاہین جسوقت کہ چار گھڑی شب باقی رہی حب ایارج

سات ماشہ گرم پانی کے ساتہہ کھائین صبح کو مسہل تبین دیگر پھٹکری بریان نمک لاہوری اجوائن
خراسانی ایک ایک دام کوٹ چھان کر چنے کی برابر گولیان بنائین لرزہ کے آنے سے دو گھڑی پہلے
ایک گولی کھائین دیگر تپ ولرزہ کے واسطے فلفل گرد دار فلفل قرنفل سندہی ایک ایک درم اجوائن
نمک شور نصف نصف درم سفوف بنائین اور ایک درم کہائین دیگر تپ ولرزہ کے واسطے مجرب ہے
ہرتال طبقی مثل ورق کو گھیکوار کے پانی مین چار پہر کھرل کرین بعد اسکے مٹی کے برتن مین رکھکر
گل حکمت کرین جب خشک ہوجاے دس سیر اپلیون کی آگ دین خاکستر اسکی اول روز بقدر دو
برنج کے پان مین رکھکر یا بتاشہ یا دہی مین کہائین دوسرے اور تیسرے روز تک ایک ایک
سرخ دین غذا مین مونگ کی کہچڑی دیگر تپ بلغمی کے واسطے نافع ہے برگ تلسی چھ ماشہ فلفل گرد
چار عدد دار فلفل ایک عدد نبات سفید ایک تولہ پانی مین پیسکر پئین دیگر تپ ولرزہ بلغمی کو مفید ہے
فلفل سیاہ دانہ الایچی کلان نبات سفید مساوی باریک کر کے تین ماشہ سے چھ ماشہ تک
کہائین یہہ شربت تپ بلغمی کو نافع ہے بادیان تخم کاسنی تخم کشوث بسفائج سازج ہندی سلیخہ اسارون
صعتر فارسی سنبل الطیب انیسون تخم کرفس شکاعی بادآورد گل غافث زوفاے خشک ایک ایک
درم بیخ بادیان بیخ کاسنی گل سرخ ریوند خطائی لک مغسول شکر تیغال پرسیاوشان گاوزبان
مکو خشک دو دو درم اصل السوس تخم خربزہ تخم خیارین تین تین درم مویز منقی چار درم انجیر زرد
سات دانے قند سفید آدہ سیر بدستور شربت بنائین خوراک تین تولہ دیگر تپ بلغمی مین معمول ہے
بیخ بادیان بیخ کاسنی اصل السوس شاہترہ بادآورد شکاعی گل غافث تین تین مثقال تخم کاسنی
تخم کشوث بادیان تخم خیارین تخم خربزہ دو دو مثقال قند سفید ڈیڑھ پاؤ دیگر بیخ بادیان گاوزبان
انیسون اصل السوس مکو خشک شکاعی بادآورد مویز منقی تخم کشوث انجیر زرد عرق گاوزبان عرق
مکو عرق بادیان مین جوش کر کے گلقند دو تولہ حل کر کے پلائین دیگر بادیان ایکدرم بیخ بادیان
اصل السوس گاوزبان بیخ کرفس دو دو درم پرسیاوشان تین درم گلقند دو تولہ سکنجبین بزوری
دو تولہ تپ سوداوی مین اگر مادہ اندر رگون کے ہوگا تو ربع لازم کہتے ہین یہہ تپ چوتھے روز آتی ہے

اگر خارج عروق میں ہو تو ربع دائرہ کہتے ہیں نام اس تپ کے طبیبوں نے مقرر کئے ہیں اگر تین روز درمیان میں دیکے آئے اسکو خمس کہتے ہیں اگر چار روز درمیان میں دیکے آئے اسکو سدس کہتے ہیں باقی کو اسیطرح قیاس کرلو دس روز تک یعنی جو آٹھ روز درمیان میں دیکے آئے عشر ہے بھی زیادہ اتفاق پڑتا ہو قرشی نے کہا ہے کہ ایک شخص کو مین نے دیکھا کہ اٹھارہ روز میں تپ آئے حکیم ارزانی جنت مکانی کہتے ہیں کہ ایک عورت کو مین نے دیکھا سترہ روز درمیان دیکر تپ آئے محشی شرح اسباب نے لکھا ہے کہ ایک شخص کو ہر ماہ میں دو مرتبہ تپ آتی تھی ربع بہ نسبت اورونکے کثیر الوقوع ہے

تپ ربع کی دو قسم ہیں ایک تو وہ ہے کہ سودائے طبعی میں عفونت ہوجائے دوسرے یہ کہ سودائے غیر طبعی سے پڑے جو خلط جل جاتی ہے سودائے غیر طبعی ہوجاتی ہے پس ربع یا دموی ہوتی ہے یا صفراوی یا بلغمی یا سوداوی تپ ربع امراض مزمنہ سے ہے مدتوں رہتی ہے کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ پانچ چھہ نوبت ٹل جاتی ہیں اور پھر آنے لگتی ہے نوبت کے روز بیمار کو کھانا اور پانی نہ دیں خصوصاً ٹھنڈا پانی اور تر میوے اور اشیائے باد انگیز اور گرم خشک اور سریع التعفن سے پرہیز کریں اور نضج میں کوشش کریں نضج کے بعد حب الخلاط تنقیہ کریں یہ گولیاں تپ ربع کے واسطے نہایت نافع ہیں یوم راحت کو وقت طلوع آفتاب دو مثقال کھائیں اوپر سے قہوہ دارچینی ایک پیالہ نوش فرمائیں دوسرے روز گلقند سات مثقال سکنجبین سات مثقال عرق گاؤزبان پاؤ سیر دیگر تپ ربع کے واسطے بلیلہ زرد غافث دو دو درم حرف ایک درم حلتیت ڈیڑھ درم کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ گولیان بنا کر خشک کریں خوراک دو درم گرم پانی کے ساتھ دیگر تپ ربع کے واسطے کلونجی چار درم باریک کرکے شہد کے ساتھ چار روز برابر کھائیں دیگر لرزہ و تپ کے واسطے مفید ہے سمندر پھل ایک عدد باریک کرکے لرزہ آنے سے ایک ساعت پہلے کھائیں اوپر سے نصف عدد لیمو کاغذی کا افشردہ پئیں تین نوبت تک یہی کریں دیگر ربع کے واسطے مجرب ہے انگزہ ایک ماشہ نمک دو ماشہ دونو کو سیر بھر پانی میں جوش کریں جبکہ چار دام باقی رہے پئیں دو روز میں دفع ہوجائنگے دیگر ہر قسم کے تپ ربع اور تپ مرکب کے واسطے مجرب ہے چونہ تین چار ماشہ یا کم و زیادہ پانی میں حل کریں اور ایک عدد لیمو کاغذی

کاعرق بچوڑ کر اس مین ڈالین جسوقت کہ چونہ نیچے بیٹھ جاے صاف پانی کو پئین اور پہر دوا وقت
شروع نوبت یعنی جسوقت کہ کسل و گرانی شروع ہو استعمال کرین اگر ایکدفعہ کفایت نہ کرے تو دوسری
نوبت کے روز دین دیگر دافع تپ ربع نوشادر تین ماشہ فلفل گرد دو عدد باریک کر کے نوبت کے روز
کھلائین دیگر تپ ربع کے لئے سمندر پہل مرچ سیاہ برگ تلسی تینون کو برابر لیکر کوٹ چہان کر اقدار
ایک ماشہ یا زیادہ بحسب مزاج مریض دش ٹکیان باندہین ایک ٹکیہ گہڑی بہر پہلے آنے سے
سرد پانی کے ساتہہ دین یہ معجون تپ ربع کے واسطے نہایت نافع ہی نوبت کے روز دو ساعت
پہلے چنے کی برابر تناول کرین تین نوبت مین دور ہو جاتی ہی حلتیت دارچینی قرنفل شونیز مرمکی
میعہ سائلہ ہر ایک تین درم افیون خالص سداب فلفل گرد ایک ایک درم شہد خالص برابر یہ گولیان
تپ ولرزہ کے واسطے مفید ہین افیون خالص چار درم صندل سفید زعفران ہر دو درم دارچینی ایکدرم
فلفل سیاہ ڈہائی درم باریک کر کے ایک ایک رتی کی گولیان بنائین ایک ساعت پہلے ایک
گولی دین لڑکے کو نصف گولی دیگر تپ ولرزہ کے واسطے مجرب ہی برابر اسپ مقدار نخود افیون خالص
ایک سرخ برگ نیم ڈہائی عدد برگ شفتالو ڈیڑہ عدد سب کو باریک کر کے قند سیاہ مین ملا کر تین گولیان
بنائین تین گہڑی پہلے ایک گولی نگلائین جب تپ شروع ہو دوسری گولی کہلائین یقین ہی
کہ تیسری گولی کی نوبت نہین آئیگی اگر مریض قوی ہو تو دو گولیان بنائین جب تپ لرزہ آتا ہے
پہلے بیمار کو سردی معلوم ہوتی ہی بعد ازان بدن گرم ہو جاتا ہی اور پسینہ آکر بخار چہوٹ جاتا ہے
جب یہ تپ چڑہنے لگتی ہی تو پہلے بیمار سست ہو جاتا ہی انگڑائیان آتی ہین ہاتہہ پاؤن ٹوٹے
لگتے ہین مریض بار بار جمہائیان لیتا ہی پہر سردی معلوم ہونے لگتی ہی رونگٹے کہڑے ہو جاتے ہین
بیمار کو پہریری چڑہہ آتی ہی تب بیمار جاڑے سے کانپنے لگتا ہی دانت بجنے لگتا ہی ہاتہہ
پاؤن سکڑ کر ایک گٹہری سا بنکر بستر پر پڑ جاتا ہی بعد سردی کے مریض کو گرمی معلوم ہونے لگتی ہی
چنانچہ رفتہ رفتہ بیمار کا سارا جسم گرم ہو جاتا ہے اور چہرہ سرخ ہو جاتا ہی قلب کی حرکت تیز ہو جاتی
ہے نبض سریع ہو جاتی ہی سر مین درد ہونے لگتا ہی اسوقت کپڑے مریض کو بری معلوم ہوتے ہین

بیمار نہایت بےچین ہوجاتا ہے بعد ایک عرصہ کے پیشانی پر نمی آجاتی ہے رفتہ رفتہ پسینہ سے نہا جاتا
ہے اسوقت بخار بالکل ٹوٹ جاتا ہے جسوقت پسینہ آنا شروع ہوا اسوقت مریض کو کپڑے اوڑھائیں
اور اسباب کی احتیاط کریں کہ حالت عرق میں ہوا نہ لگے جو خلط بارد سبب لرزہ کا ہے اگرچہ وہ قبل
لرزہ کے بدن میں موجود ہوتا ہے مگر ایک مکان خاص میں ٹھہرا ہوا ہے اور ساکن ہوتا ہے اور وہ
عضو جو مکان اس خلط کا ہے چونکہ مدت سے خوگر اسکی سردی کا ہو رہا ہے کچھ اسکی سردی سے
متاثر نہیں ہوتا اور اسکی برودت اُس عضو کو محسوس نہیں ہوتی ہاں جسوقت اس خلط بارد کو حرکت
ہو اور اپنے مکان خاص کو چھوڑے خواہ حرکت قوی ہو یا ضعیف کسی سبب سے اخلاط کو متفرق کر دیتی
ہے یا اور کسی وجہ سے اسوقت جو عضو اس خلط سے پہلے ملا ہوا تھا اور نہ اسکی برودت کا خوگر تھا
بحسب اصلاح مزاج کے پس برودت کا احساس کر کے متاذی ہوتا ہے اور اسی جہت سے لرزہ
پیدا ہوتا ہے بخار کے ہونے کی علامت یہہ ہے کہ ہاتھہ پاؤں میں اعضا شکنی سر بھاری جمہائی کا
آنا بغیر درد کے بدن میں تکلیف ہونا جس میں یہہ باتیں پیدا ہوں تو جاننا چاہئے کہ بخار آویگا
غذا نوبت تپ میں ممنوع ہے تاکہ کرب بسبب حرارت طبخ کے، زیادہ نہ ہو دق کا علاج تبرید فقط طبیب
ابو سہل نے کہا ہے کہ جب تک دق درجہ اول و ثانی پر پہونچے علاج ممکن ہے اور جب
درجہ ثالث پر پہونچے تو لا علاج ہے اسوقت میں تسکین حرارت کی کریں یبس کا ازالہ
ممکن نہیں گلوے سبز کہ جو نیب کے درخت پر ہوتی ہے بقدر ایک تولہ کوٹ کر رات کو پانی
میں تر کر کے صبح کو آب زلال لیکر نبات سفید سے شیرین کر کے پیوین اور اسپر مداومت کرین
اگر کھانسی ہو تو چار ماشہ اصل السوس بھی داخل کرین، اگر حرارت زیادہ ہو شیرہ تخم خیارین یا شیرہ
مغز تخم کدوے شیرین بقدر سات ماشہ اضافہ کرین شیرہ اسفاناخ در طب لکھا ہے اور شیرہ
مغز بادام شکر کے ساتھ دینا بھی نافع ہے حب کافور تپ دق کو نافع ہے۔ بزر البنج سفید نصف ماشہ
افیون خالص ایک ماشہ گل ارمنی گل نیلوفر مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم تربوز ہر ایک دو ماشہ
طباشیر سفید رب السوس تخم خرفہ ہر ایک تین ماشہ صمغ عربی چار ماشہ تخم خشخاش سفید مغز تخم خیارین

ہر ایک چھ ماشہ باریک کرکے اسپغول کے لعاب مین چنے کی برابر گولیان بنائین ہر صبح سات گولیان شیرہ خرفہ شیرہ تخم خیارین شربت انار شیرین کے ساتھ دین دیگر تپ دق وضعف جگر و شرفہ کے نافع ہے طباشیر سفید صمغ عربی کتیرا سفید ہر ایک نصف ماشہ شربت بزوری بارد مین ملاکر چاٹین بعد اسکے شیرہ تخم خیارین ایک تولہ شیرہ تخم خشخاش تین ماشہ عرق مکو مین نکال کر شربت انار شیرین دو تولہ داخل کرکے خاکسی پانچ ماشہ چھڑک کر پلائین دیگر دق کے واسطے آب تربوز شیر بز آپس مین ملاکر ادہ پاؤ سے شروع کرین ایک دام ہر روز زیادہ کرین یہان تک کہ ایک سیر تک پہونچے پہر ایک دام ہر روز کم کرین کہ ادہ پاؤ تک پہونچے خاکسی پانچ ماشہ چھڑک کر پلائین دیگر اہل ہند کے معمول سے ہے سبوس نخود تین دام رات کو پانی مین بھگو کر صبح کو صاف کرکے ایک دام گلوئے سبز دو عدد دار فلفل اور نصف مغز کرنجوہ کا اسی پانی مین شیرہ نکالکر کپڑے مین چھان کر تین ہفتہ پئین دیگر دق کے واسطے کتیرا سفید صمغ عربی طباشیر سفید ہر ایک پانچ ماشہ باریک کرکے تین حصے کرین ایک حصہ نہار بکری کے تازہ دودہ کے ساتھ پلائین **عرق شیر** تپ دق کو نافع ہے کدوے تازہ برگ کاسنی سبز برگ کاہو ہر ایک چار دام کسیرو گل بید گل نیلوفر ہر ایک نیم پاؤ گل سرخ صندل سرخ صندل سفید مکو خشک گاؤزبان تخم خیارین مغز تخم کدوی شیرین تخم کاہو ہر ایک دو تولہ کشنیز خشک چار تولہ تخم کاسنی گل گاوزبان زہر مہرہ خطائی طباشیر سفید ہر ایک ایک تولہ تخم خرفہ تین تولہ گل کنول گٹہ پانچ تولہ گلاب خالص دو سیر عرق بید مشک عرق شاہترہ عرق مکو ہر ایک ایک سیر عرق بید سادہ چار سیر شیر بز دو سیر آب باران بقدر حاجت بطریق متعارف عرق کھینچین دیگر دق کے واسطے گلوئے سبز ایک تولہ اصل السوس چھ ماشہ تخم خطمی خبازی شاہترہ گل نیلوفر ہر ایک سات ماشہ پاؤ سیر پانی مین شب کو بھگو کر صبح کو صاف کرین تخم کاہو تخم خرفہ چھ چھ ماشہ لیکر اسی پانی مین انکا شیرہ نکالکر نبات سفید دو تولہ داخل کرکے پلائین چند روز اسپر مداومت کرین یاقوتی بارد تپ دق کو نافع ہے مرواید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک آٹھ ماشہ یاقوت سرخ عنبر اشہب کافور ہر ایک دو ماشہ ورق طلا ایک ماشہ

ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ گاؤزبان تین ماشہ زعفران تین ماشہ لبسد سوختہ ابریشم مقرض ہر ایک چھ ماشہ
املہ شیرہ مین پروردہ کیا ہوا چار تولہ صندل سفید ایک تولہ طباشیر سفید بہمن سرخ بہمن سفید تخم کشنیز
خشک مقشر پوست بیرون پستہ گل نیلوفر گل سرخ ہر ایک سات ماشہ شربت سیب شربت انار
شیرین عرق بید مشک گلاب عرق گاؤزبان ہر ایک دس تولہ نبات سفید اودہ سیر بدستور قوام
کرین خوراک یکدرم **عباسی** لڑکی جب تو پڑہنے بیٹھتی ہے تب چھوڑنے کو جی نہین چاہتا بس اب
ختم کرو **کنیز حسین** کتاب بند کرکے بہت اچھا مگر بحران کو سمجھا دیجیے **عباسی** بحران تغیر بدن کا ہے
کہ جو مبادلہ درمیان طبیعت اور مرض کے ہوتا ہی کہ قوت ساتھ مرض کے تنازع و محاربہ اور اجتہاد
کرتی ہی ایسے ہی مرض مقابلہ قوت کا کرتا ہے جسوقت کہ قوت مرض پر ظفر پاتی ہی وہ بحران جید
ہے مریض سالم ہوتا ہے اور جسوقت مریض قوت کے اوپر مظفر ہوتا ہے بحران ردی ہوتا ہے
مریض ہلاک ہوتا ہے پس ہر بحران یا جید ہوتا ہے یا ردی اور ہر ایک انمین سے ردی ہوتا ہے
یا ناقص بحران جید تام وہ ہے کہ طبیعت غالب آئی مرض پر اور مادہ مرض کا ایکبارگی بدن سے
خارج کرے اور مریض دفعتاً صحت پائے اور بحران ردی تام وہ ہے کہ مرض غالب آئے اور فی الفور
مریض ہلاک ہو یہہ دونو امراض حادہ مین ہوتا ہے کہ مدت اسکی چار روز تک یا سات روز تک
یا چودہ روز تک ہی بحران جید ناقص وہ ہی کہ اگرچہ طبیعت غالب آئے اور بحران نیک ہو لیکن
حل مادہ کو ایکبارگی واقع نہ کرے بلکہ تھوڑا تھوڑا بدفعات دفع کرے بحران ردی ناقص وہ ہی
کہ مرض غالب آئے اور بحران برا ہو لیکن ایکبارگی ہلاک نہ کرے بلکہ طبیعت کو تھوڑا تھوڑا ضعیف کرے
اور ہلاک کرے یہہ دونو امراض غیر حادہ مین پڑتے ہین کہ مدت اس کی چالیس روز سے کم ہوتی ہی
جسوقت بحران ابتدائی مرض مین پڑتا ہے قتال ہوتا ہے اور انتہائی مرض مین تام ہوتا ہی انحطاط
مرض مین بحران نہین پڑتا **کنیز حسن** مسہل کے واسطے کون کون دن مقرر ہین ذرا اسکو اور
فرما دیجیے **عباسی** ۸ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۶ و ۱۸ و ۲۲ و ۲۳ و ۲۵ و ۲۶ و ۲۸ و ۲۹ و ۳۰ و
۳۲ و ۳۳ و ۳۵ و ۳۶ و ۳۸ و ۳۹ ان دنون مین روز نوبت یا روز شدت نہین ہوتا ہی

کنیز حسن بحران کے دن کون سے ہین عباسی اطبا نے بحران کے دن اسطرح مقرر کئے ہین
اگر نصف دن باقی رہے اور تپ آئے اس روز کو اعتبار نہین کرتے اگر نصف سے کم باقی رہے
اور تپ آئے اسکو برابر اعتبار نہین کرتے بحران کے دن کہ جس مین کل استفراغات ممنوع ہین یہ
ہین ۴ و ۷ و ۱۱ و ۱۴ و ۲۰ و ۲۱ و ۲۴ و ۲۷ و ۳۱ و ۳۴ و ۳۷ و ۴۰ بعد چالیس روز
کے محققین کے نزدیک بحران قوی نہین ہوتا بقراط نے کہا ہے کہ بحران کے دن جو طاق ہون
وہ جفت سے قوی ہین کنیز حسن ایام واقع فی الوسط کس کو کہتے ہین عباسی ایام
واقع فی الوسط وہ ہین کہ جو ایام مسہل اور ایام بحران کے وسط مین واقع ہون وہ چہہ روز
ہین ۳ و ۵ و ۹ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۷ کنیز حسن اچھی استانی جی ایک بات اور تبلا دیجئے کیا کونین
بخار کی نوبت کو روک دیتی ہے عباسی ہین اس بات کو نہین مانتی کہ کونین سے بخار کی نوبت
رک جاتی ہو بعض دفعہ کونین سے بخار رک جاتا ہے بعض جگہہ بالکل فائدہ نہین ہوتا بلکہ نقصان
ہوتا ہے ایک بیمار کو بخار کے روکنے کے لئے کونین دی اسکو ...... نہایت شدت
سے بخار چڑہا کونین سے پہلے بیمار کو ایک جلاب دین کہ صفائی شکم کی ہوجائے نوبت کے
آنے سے تین گھنٹہ پیشتر کونین کہلانا چاہیئے کنیز حسن استانی جی مجکو ایک بار جناب
ڈاکٹر بابو تلو کی ناتھ صاحب گہوس کے مطب مین جانے کا اتفاق ہوا تہا
بابو صاحب ایک مریض کے بغل مین کچھہ اوزار لگا کر دیکھہ رہے تہے وہ کیا اوزار ہے عباسی
جناب بابو صاحب کی کیا بات ہے عجیب باکمال بڑے تجربہ کار حاذق ڈاکٹر ہین میری
نظر مین تو ایک ڈاکٹر نہین آتا میرٹھ کیا روے زمین پر اپنا جواب نہین رکھتے ایسا دست شفا
بہی نہین دیکہا وہ امراض جسکو لا دوا اور لا علاج کہتے ہین جناب بابو صاحب کی ادنی توجہ سے
زائل ہوجاتے ہین کہ پہر تمام عمر اس بیماری کا نام و نشان نہین رہتا ایک دفعہ میرے سر مین
نہایت شدت سے درد ہو گیا تہا سبہی کچھہ علاج کیا مگر خاک فائدہ نہین ہوا جون جون علاج
کیا عارضہ بڑہتا گیا جناب بابو صاحب کا خدا بہلا کرے ہزارون برس انکو زندہ و سلامت رکھے

ایک ہی نسخہ مین درد کہو دیا انہین یہ ایسا معلوم ہوتا تہا کہ کبہی درد ہوا ہی نہین تہا باوجود ان کمالات
کے خلیق بہی اعلی درجہ کے ہین مروت بہی مزاج مین انتہا کی ہی انکی خوبیون اور فیض رسانیون نے
ایک انبوہ خلائق کو اپنا مداح اور گرویدہ بنا رکہا ہی بابو صاحب کی ذات گرامی صفات اس زمانہ مین
بہت غنیمت ہے مین انکی کس کس کمال کا ذکر کرون اگر انکی تعریف لکہنے بیٹہون تو سینکڑون کتابین
بنجائین پہر بہی جیسا جی چاہتا ہی اسقدر نہ تعریف ہو سکے ہم ہیچے دل اور خلوص نیت سے شب و روز
ہوتے جاگتے جناب بابو صاحب کے جاہ و اقبال کے ترقی خواہ ہین اور دعا کیا کرتے ہین کہ
خداوند عالم و عالمیان جناب بابو صاحب کو تا قیام قیامت قایم رکہے این دعا از من و از خلق خدا آمین باد
اُس اوزار کا نام جسکو بابو صاحب لگا کر دیکہہ رہے تہے تہرمامٹر ہے اور یہہ ابہی تہوڑے دنون
سے ایجاد ہوا ہے اس سے جسم کی حرارت کا حال معلوم ہوتا ہی کہ کس درجہ پر ہے اور اسدرجہ کی
حرارت کی کمی و بیشی سے یہ بہی کہہ سکتے ہین کہ بیماری کس درجہ پر ہے اگرچہ یہہ باتین مرض کی
اور علامتون سے بہی بتائی جا سکتی ہین تاہم اسقدر جلد نہین کہ جسقدر آلہ تہرمامیٹر سے کیونکہ اس
آلہ کو جسم پر لگاتے ہی دریافت ہو سکتا ہی جسم کی حرارت صحت کے مقدار پر ہے یا نہین اس آلہ
کے ذریعہ سے صرف یہ ہی نہین کہا جا سکتا کہ بیماری ہی یا نہین بلکہ یہ بہی کہا جا سکتا ہے
کہ وہ بیماری شدید ہے یا خفیف مثلاً حرارت کا درجہ اگر صحت پر ہو یا صحت سے کسیقدر کم و بیش
ہو تو یہہ کہہ سکتے ہین کہ مرض خفیف ہی اور کوئی اندیشہ نہین ہے برعکس اسکے اگر حرارت جسم کی
صحت سے بہت منحرف ہو گئے ہو تو بیشک مقام اندیشہ کا ہے ترکیب آلہ کی استعمال کرنے کی یہ ہے
کہ مریض کی بغل مین لگائین بغل کو پہونچکر آلہ کو ہاتہہ سے پہلے گرم کر کے لگائین اور اس آلہ
کے اور بغل کے درمیان کوئی کپڑا نہ آجاے گہڑی کو دیکہتے رہین پانچ منٹ کے بعد نکالین
اور حرارت کے درجہ کو ملاحظہ کرین کنیز حسن ڈاکٹر تو زبان بہی اکثر دیکہا کرتے ہین عجب ہے
وہ یہ کہتے ہین کہ زبان ایک بڑا لحمی عضو ہے اور اس مین خون کی رگین کثرت سے ہوتی ہین
اور اسپر جو پردہ چڑہا ہی اسمین رات دن رطوبت جاری رہتی ہی تو عجب نہین کہ زبان کے

ملاحظہ سے بیماری کی تشخیص مین بڑی مدد مل سکے پس زبان کے دیکھنے سے عضلون اور اعصاب
اور دوران خون کے حالات دریافت ہو سکتے ہین اگرچہ عام رطوبتون کا بہی حال زبان کے ذریعہ
سے معلوم ہو سکتا ہی پر اسکی خاص رطوبت کے کیفیت تو اس عضو سے ضرور ہی منکشف ہو جاتی ہے
دیکہو کنیز حسن کیا اچھی بات مین تمکو بتلاتی ہون یاد رکھنا مریض کے پاس جاتے ہی اسکی نبض کا ملاحظہ
نکرین بلکہ تہوڑے عرصہ تک توقف کرکے نبض کو دیکہنا چاہیئے تاکہ وہ وہم کا کہ جو طبیب کے دیکھنے سی
مریض کے دل مین پیدا ہوتا ہی رفع ہو جائے کیونکہ اس ڈر کے کا اثر دوران خون پر ایسا ہوتا ہے
کہ جس سی نبض بے قاعدہ ہو جاتی ہی نبض کی ضربات کے شمار کے لئے صرف ایک ہی انگشت کافی ہی
لیکن اسلیئے تاکہ نبض کی باریکیان بخوبی معلوم ہو جائین اپنے ہاتہ کی چارون انگلیون کو رکھکر
آہستہ اور یکسان دبانا چاہیئے لو کنیز حسین ایک اور بات کا بہی خیال رکھنا چاہیئے کہ مریضون
کے خویش واقارب کا ہمیشہ یہہ قاعدہ ہوتا ہے کہ حکیم سے اپنی عزیز کی بیماری کا حال پوچھتے ہین
اسوقت انکو جواب دینے مین بڑی احتیاط چاہیئے بیمار کے منہ پر یا اسکے رشتہ دار کے منہ پر صاف
یہہ نہین کہنا چاہیئے کہ بیماری مہلک ہی بلکہ امید شفا کی دینی چاہیئے اگرچہ مرض مہلک ہو تاکہ
بیمار حوصلہ نہ ہار دے کیونکہ دنیا بامید قایم ہے بلکہ ایسی بات کہنی چاہیئے کہ جس سی زندگی اور
موت صاف طور پر مفہوم نہ ہو سکے کیونکہ میرے تجربہ مین بارہا ایسا ہوا ہے کہ بعض مریضون مین
نہایت ردی علامتین پائی ہین اور انکو دیکہکر اپنے دل مین یقین کر لیا ہی کہ شام تک یہہ
بیمار نہین بچیگا جب دوسرے دن صبح کو دیکہا تو بیمار کو روبصحت پایا اور اکثر ایسا بہی ہوا ہی
کہ علامتون کو دیکہکر ہمکو امید قوی ہو گئی ہی کہ اب بیمار نہین مریگا اور مر گیا غرضکہ جب طبیعت کا
یہہ حال ہی کہ آن کے آن مین کچھ کے کچھ ہو جاتی ہی اسکی نسبت کوئی بات یقینًا کیونکر کہہ سکتے ہین اطبای
ہند نے لکہا ہی کہ جب حکیم کسی مریض کے علاج کو جاہی اگر اسکو شگون سرد ملین تو اچھا ہے اور جو آگ
وغیرہ گرم شگون ملین تو اچھا نہین ہی جس مریض کو رات کو گرمی اور دن مین سردی لگے وہ مر جائیگا
جس مریض کو اپنی زبان اور ناک کا اگلا حصہ اور اوپر کا درمیان نظر آوے وہ مر جائیگا جس نبض کم

رات کے وقت نیند نہ آے اور گلے مین بلغم بولے اور بدن مین جلن ہو اور نبض آہستہ چلے اور بولنے سے
زبان تھک جائے وہ بیمار ضرور مرجاویگا اگر کسی بیمار کے چہرہ پر ورم ہو اور اسکا سبب معلوم نہ ہوتا
ہو اور بایان ہاتھ بیمار کا سینہ پر اسکے رکھا رہے وہ شخص تیسرے روز کے اندر مرجائیگا اگر مریض
کے دونون زانوون مین ورم شدید اور عظیم ہو تین روز کے اندر مرجائیگا اگر اس رگ جہندہ پر جو گردن
مین واقع ہے اسکو شہر زبان شبات کہتے ہین جو نیند پیدا کرتی ہے چھوٹا سا دانہ آتشک کے مرض
کا برآمد ہو شل مچھر کے صورت کے اسکی صورت ہو وہ بیمار باون روز مین اندر مرجائیگا اگر کسیکی بعض
انگلیون پر ایک پھنسی چھوٹی سی سیاہ مشابہ مٹر کے دانے کے ہو اور درد شدید ہو دو روز کے اندر مرجائیگا
اگر کسی کے بائین ہاتھ کے انگوٹھے مین خواہ بائین پاؤن کے انگوٹھے مین دانہ آتشک کا خشک
مشابہ دانہ باقلا کے ہو اور رنگ دانہ کا تیرہ ہو اور درد اس مین مطلق نہ ہوتا ہو چھ روز کے اندر
مرجائیگا اگر کسی شخص کے داہنے پاؤن کی بیچ کی انگلی پر ایک دانہ برآمد ہو اور اسکا رنگ زرد ہو
جیسا سونا کہ زرگر جرخ دینے کے بعد نوشادر اور شورہ دیکر نکالتے ہین وہ مریض بارہ دن کے
اندر مرجائے گا جب ناخن انگلیون کے تیرہ گون ہون اور پیشانی پر اس شخص کے سرخ رنگ
کا دانہ پیدا ہو وہ مریض چار روز کے اندر مرجائے گا اگر کسیکے دونون پاؤن کے انگوٹھے مین
نیلا دانہ کھجلی اٹھتی ہو اور گردن کا رنگ زیادہ تیرہ ہو وہ مریض شروع مرض سے پانچ روز
کے اندر مرجائے گا اگر کسی مریض کے پلک پر تین دانے جمرہ وبائیہ کے ایسے ہون کہ ایک سیاہ ہو
دو تیرہ نیلگون سات روز کے اندر مرجائیگا اگر کسی کی آنکھ کے ایک پپوٹے پر دانہ شبیہ خروٹ
کے پیدا ہو نرم اور تیرہ رنگ ہو دوسرے روز تک مرجائیگا جب بیمار کے دونون نتھون سے
خون زردی اور سرخی ملا ہوا بہتا ہو اور داہنے ہاتھ مین اسکے دانہ سفیدی مایل برآمد ہو اور
اس مین درد نہ ہو وہ شخص ابتدائے مرض سے تین روز کے اندر مرجائیگا اگر مریض کی بائین ران
مین جمرہ شدید یعنی سرخ بادہ نمودار ہو اور درد اس مین مطلق نہ ہو اور طول ورم کا تین انگشت ہو
وہ مریض ابتدائے مرض سے پچیس روز کے اندر مرجائیگا اگر بائین کان کے پیچھے دانہ سخت مشابہ دانہ

نخود کے ہو بیس روز کے اندر مرجائیگا اگر بائین کان کے پیچھے دانہ نمودار ہو جو بیس دن کے اندر
مرجاے گا اگر داہنے کان کے پیچھے سرخ دانہ تیزی اور حدت کے ساتھ ہو جیسے آگ سے جل جانے
سے آبلہ پڑتا ہے جسامت مین برابر باقلے کے ہو یہہ مریض سات روز کے اندر مرجاے گا اگر
کسی کے لحیہ کے نیچے سرخ دانہ برابر باقلے کے دانے کے برآمد ہو وہ مریض باون روز کے اندر مرجائیگا
اگر بائین طرف بدن کے کسی جگہہ کوئی پھنسی از قسم طاعون خواہ آتشک کے برآمد ہو رنگ اسکا تیرہ ہو
یہہ شخص نو دن مین مرجاے گا اگر کسی کے بائین بغل مین پھنسی برابر بہی کے پیدا ہو یہہ شخص پچیس روز
کے اندر مرجاویگا اگر کسی کے بائین گھٹنے پر دانہ جسکا رنگ سرخ ہو برآمد ہو چار روز کے اندر مرجائیگا
اگر کسی کے وسط سر مین ورم نرم مثل اخروٹ کے پیدا ہو اور درد نہ ہو تو تیسے دن کے اندر مرجائیگا
اگر کسی کی کنپٹی مین ورم سیاہ مثل مچھر کے ہو اور سیاہی اس مین زیادہ ہو تین ہفتہ کے اندر مرجائیگا
اگر کسی کی گردن کے نیچے اور بائین آنکھہ کے پپوٹے پر سفید سفید پھنسی پیدا ہو اکیس ۲۱ دن مین مرجائیگا

**ایک دن** بعد فراغ مطب لڑکیون نے اسطرح سبق پڑہنا شروع کیا **دوالی** ایک مرض
ہے کہ ساق یعنی پنڈلی کی رگین بہت بڑی اور موٹی ہو جائین اور اس مین گرہ پڑ جائین اور
سبز معلوم ہون اسکا علاج تنقیہ کرنا سودا اور بلغم کا ہے **داء الفیل** ایک مرض ہی کہ آدمی کا
پاؤن ہاتھی کے پاؤن کے مانند ہو جاتا ہے اسکا علاج مثل دوالی کے ہے **فلغمونی** ورم ہے
غلیظ کثیر الانتفاخ کہ مادہ اسکا خون ہوتا ہے **شقاقلوس** ایک ورم ہے عظیم اور خبیث کہ
خون غلیظ سے حادث ہوتا ہے جس عضو مین ہو اُس عضو کو بیحس یعنی مردہ کر دیتا ہے اور فاسد
ہو جاتا ہی **حمرہ** ورم صفراوی ہے کہ فارسی مین سرخ بادہ نام ہی اسکی دو قسم ہین ایک یہ کہ
مادہ اسکا صرف صفرا ہو اسکو حمرہ خالص کہتے ہین دوسرے یہ کہ مادہ اسکا صفرا ئے مرکب ہو
ساتھ خون کے اسکو حمرہ غیر خالص کہتے ہین جب لڑکون کو سرخ بادہ ہو اول تنقیہ مرضعہ
و تعدیل خلط کرین ہلیلہ سیاہ چرائتہ شاہترہ سرپھوکہ عناب برگ حنا گل منڈہی کشنیز خشک
گلو صندل سرخ دہماہہ برہمڈنڈی نیل کنٹہی جوانسہ مجیٹہ چاکسو برگ نیب گل سرخ چوب کا ذہی

برگ گز بادیان کاسنی زرکچور اصل السوس تخم خراسانی رسوت زردچوب نگند بابری
گل معصفر اور مانند اسکے جو دوا مصفی خون ہو دین رسوت صندل سرخ ہر ایک دو ماشہ زرکچور
تین ماشہ چاکسو چار ماشہ افتیمون زردچوب برگ حنا ایک ایک ماشہ مردا سنگ نصف ماشہ
برگ نیب برگ بکاین ہر ایک بندرہ عدد کوٹ چھان کر پانی مین بقدر باجرہ کے گولیان بنائین
صبح کے وقت ایک گولی دایہ کے دودہ مین گھول کر دین یہہ گولیان سرخ بادہ کے واسطے
مجرب ہین پوست بلیلہ زرد سر ہو کہ گل سرخ برگ شاہترہ تخم کشنیز خشک دھمایہ صندل سرخ
برہنڈی نیل کنٹھی ہر ایک تین ماشہ برگ حنا دو ماشہ زیرہ سفید فلفل سیاہ گل کچنال ایک ایک
ماشہ برگ بکاین برگ نیب ہر ایک پانچ عدد کوٹ چھان کر مہندی اور تخم کشنیز کو رات کو پانی
مین بھگوئین صبح کو اسکے آب زلال مین ثمرے چنے کی برابر گولیان بنائین دوائے سرخ بادہ جس
کسی کے اطفال سرخ بادہ مین مبتلا ہون چاہئیے کہ مادر و پدر طفل کے قبل حمل کے اسکے اوپر مداومت
کرین بلکہ مان اسکی حالت حمل مین بہی استعمال کرے دیگر مطبوخ واسطے فساد خون و سرخ بادہ
اطفال کے مجرب ہو صندل سرخ برگ حنا کشنیز خشک چار چار درم سب کو نیم کوفتہ کرکے چار چار
خوراک کرین ایک خوراک آدہ پاؤ پانی مین جوش دیکر ہر صبح پلائین اور اُسکی تُفل مین اور پانی
ڈالکر شام کو جوش دیکر پلائین یہہ نقوع واسطے سرخ بادہ کے مفید ہے سر ہو کہ پانچ ماشہ برگ نیب
چہہ ماشہ شاہترہ چار ماشہ گیہون گیزر خبر ماش کابلی دو دو ماشہ گل منڈی برمنڈہی چاکسو چرآیتہ رسوت
صندل سرخ پوست بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ خشک ایک ایک ماشہ رات کو
پانی مین بھگو کر بنائین یہہ بہی مفید ہو نیل کنٹھی نگند بابری برہنڈی سر ہو کہ چہہ چہہ ماشہ
مرچ سیاہ پانچ عدد رات کو بھگو کر صبح کو صاف کرکے پلائین **ماشرا** -
بمعنہ . لفظ سُریانی ہو ایک ورم ہے دموی کہ منہ اور پیشانی مین ظاہر ہوتا ہے
کبہی سر تک پہونچ جاتا ہے یہہ مرض نہایت زبون خبیث اور عظیم الخطر ہو **سلعہ**
رعولی کو کہتے ہین یہہ ورم غلیظ ہے کہ گوشت مین لگا ہوا نہین ہوتا جسطرف کو پہرائین پہر جاتا ہے

کہتے ہین کہ چنے کی برابر سے خربوزہ کی برابر تک ہوتا ہے یہہ ورم بلغم غلیظ سے پیدا ہوتا ہے علاج اسکا
یہہ ہے کہ بلغم کا تنقیہ کرین تاکہ زیادہ نہ ہو اور ہمیشہ اضمدہ محللہ مثل داخلیون وغیرہ کے استعمال کرین
کہ شاید ابتدا مین مادہ جمع ہو گیا ہو تحلیل ہو جائے کیونکہ تہوڑا ہے اور بہت جمع نہین ہوا جب ابتدا
سے گذر جائے اور بہت غلیظ ہو جائے محلل سے فائدہ نہ ہوا اسوقت دو کام کرین یا تو ادویہ معفنہ
لگائین تاکہ اسکو بوسیدہ اور متعفن کرکے پورا کردے اور ضماد کہ اشق جاوشیر بیخ کرنب چونہ اور صابون
اور زرنیخ روغن سے بنائین اس کام مین مخصوص ہین یا چیر ڈالین اور سلعہ نکال دین اور
مراہم منذملہ کام مین لائین برگ گندہ کو روغن مین چرب کرکے گرم کرین ایک دن دو دفعین
بار سات روز تک باندہنا سلعہ خورد کو تحلیل کرتا ہے اسی تخم سن پانی مین پیسکر ضماد
کرنا سلعہ کے واسطے نہایت مجرب ہے **خنازیر** ورم صلب ہے غدود کی مشابہ اکثر نرم گوشت مین حادث
ہوتا ہے خاصکر گردن اور بغل مین اور متعدد ہوتی ہین اسکا مادہ رطوبت غلیظ ہوتا ہے خنازیر اسکو
اسلئے کہتے ہین کہ خنازیر کو اکثر عارض ہوتا ہے اسکا علاج یہہ ہے کہ مسہلات دین تاکہ بلغم غلیظ
کا تنقیہ ہو غذا کی تلطیف اور تقلیل مین کوشش کرین تنقیہ کے بعد ادویہ محللہ کا ضماد کرین اگر تحلیل
ہو جائے تو فبہا اور نہین تو ادویہ مفجرہ و منضجہ ضماد کرین اسکے بعد اندمال کی تدبیر کرین مرہم داخلیون
خنازیر کی تحلیل کرنے مین اثر رکہتا ہے **مرہم داخلیون** کا نسخہ یہہ ہے مرداسنگ ایک تولہ لیکر
چار تولہ زیتون کے تیل مین ڈالکر آگ پر رکہین اور کسی چیز سے اسکو حرکت دیتے رہین تاکہ مرداسنگ
لیسنہ نہ ہو جائے اور اسکے رنگ مین سیاہی آجائے پہر آگ سے اوتار کر اہلیغون اسلم اہی تخم حلبہ
اکہو چہ تخم خطمی ہر ایک پانچ پانچ ماشہ لیکر انکا غلیظ لعاب پانی مین نکالکر اس مین ڈالکر پہر پکائین کہ
پانی جلکر روغن مثل مرہم کے رہ جائے پہر خاکستر چوب انگور خبث الحدید مدبر چہہ چہہ ماشہ لیکر
باریک کرکے اس مین ملائین **اطریفل غددی** بہی اس باب مین نہایت نافع ہے ہلیلہ سیاہ
پندرہ درم پوست بلیلہ آملہ ترپد سفید ہر ایک سات درم افتیمون دس درم بسفایج اسطوخودوس
غدود گلو کے سفید خشک کیا ہوا ہر ایک پانچ درم سنا مکی چار درم غاریقون زوفا دشقیطرح نوشادر

ہر ایک تین درم زنیسون قرفہ سنبل الطیب قرنفل جوزبوا خیربوا مصطگی ہر ایک دو درم کوٹ چھانکر شہد خالص سہ چند مین ملائین۔ خوراک پانچدرم ان قرصون کا ضماد بہی بہت مفید ہے صبر زرد مرمکی نانخواہ ایرسا تخم کتان ایک ایک دو ماشہ زراوند مدحرج فلفل سیاہ فلفلمویہ چرائتہ اشق مقل لازورد راتینج حلتیت قسط فرفیون قند ہر ایک ایک ماشہ حلبہ نصف ماشہ کوٹ چھان کر پانی مین قرص بنائین **سرطان** ورم سوداوی ہے بہت سخت سیاہ رنگ گول شکل چونکہ مشابہ سرطان یعنی کیکڑی کے ہوتا ہے لہذا یہہ نام رکھا علاج اسکا تنقیہ سودا کا - کرنا ہے **طاعون** ایک مرض وبائے ہے طاعون عربی لفظ ہے اور وہ مٹر یا اخروٹ کی برابر دانے ہوتے ہین اس سے کم اور زیادہ بہی ہوتے ہین سوزش اس مین بہت زیادہ ہوتی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا آگ رکہی ہے اور گرد اسکا سیاہ ہوتا ہے طاعون اکثر اس عضو مین ہوتا ہے کہ جسکا گوشت غدودی ہوتا ہے جیسی ران کی جڑ کان کے پیچہے بغل مین پیدا ہوتا ہے اور کبہی کبہی سینے مین بہی یہہ دانے نمودار ہوتے ہین قے متلی بخار غشی خفقان اسکی علامت مین ہین یہہ مرض امراض متعدیہ مین سے ہے جو ایک سے دوسرے مین سرایت کرتا ہے یہہ مرض جاڑون مین زور پکڑتا ہے گرمیون کی ابتدا مین رفع ہو جاتا ہے غلیظ جگہہ زیادہ ہوتا ہے لکہا ہے کہ خراب غذاؤن کے کہانے اور میلے کپڑون کے پہننے کا اس وبا مین ضرور اثر ہوتا ہے اگر طاعون کے سات بخار اور خفقان نہ ہو وہ خطرناک نہین ہے بعض کہتے ہین کہ ورم اگر بغل مین اور کان کے پیچہے ہوگا تو خوفناک ہے خصوصًا بائین بغل مین بسبب مجاورت قلب کی اگر پہنچا سو (؟) مین یا دوسری جگہہ ہوگا تو ایسا خطرہ نہین ہے کم سرخ خطرناک نہین ہے زرد اگرچہ سرخ سے زیادہ خوفناک ہے لیکن سبز اور سیاہ کی طرح مہلک نہین ہے یہہ دونو آخری رنگ مہلک ہین سیاہ تین روز مین مار ڈالتا ہے سرکہ کا مکان مین چھڑکنا اس مرض سے محفوظ رکھتا ہے عود صندل کی خوشبو وبائی ہوا کی اصلاح کرتی ہے ہر روز مکان مین آگ جلا کر اسکی خراب ہوا نکال دینی چاہئے بقراط کے وقت مین ایک دفعہ وبا آئی شہر کے لوگ پریشان ہو کر بقراط کے پاس آئے بقراط نے کہا خوشبودار چیزین

شہر کے چارون طرف جمع کرکے آگ لگادو تاکہ اسکا دہوان ہوامین ملکر شہر کی ہوا کو درست
کردے چنانچہ ایسا ہی کیا وبا جاتی رہی مکان مین قلعی کا پہرنا بہی صفائی کے علاوہ ہوا کے
اصلاح کرتا ہے موٹے کپڑون کا پہننا وبا سے جسم کو محفوظ رکہتا ہی کافور کا پاس رکہنا اور سونگہنا
وبا سے امن مین رکہتا ہے ترنج کے چہلکون کی بو ہوائی ہوا کی اصلاح کرتی ہی نیز پیاز کا سونگہنا
بہی ہوا کی اصلاح کرتا ہے غذا سبک کہانی چاہیے میٹہی چیزون سی پرہیز کرنا چاہیے ترش
چیزین جن مین پیاز سرکہ پڑا ہو مفید ہین طاعون والے کو غذا مین آش جو ساگو دانہ یا الک کا
ساگ خرفہ کا ساگ کہیا خشکہ دہی دینی چاہیے اِلی آلو بخارا کی ترشی دینی چاہیے گوشت سے
پرہیز کرائین جب ورم ظاہر ہو اسفنج کو سرکہ گلاب مین ترکر کے اوپر رکہین پہر جدوار کو ہرے دہنیے کے پانی
مین گہسکر لیپ کرین کافور جو دانہ ایک سرخ کا تہہ دو سرخ دو پاس یا ایک پاس کے فاصلہ سے
دن مین چار دفعہ دین ملک الحکما جناب حکیم شریف خان صاحب دہلوی قدس اللہ سرہ کےؔ اللہ جد
نور اللہ مرقدہ نے لکہا ہی کہ مین نے طاعون والون کا ایک تولہ کافور تک سی علاج کیا اسی روز
شفا پائی یہ نسخہ بہت مفید ہی صبر زرد دو درم مرمکی ایک درم زعفران ایک درہم ان تینون کو
باریک کرکے گلاب مین گولیان بنائین ہفتہ مین ایک مرتبہ سوا دو ماشہ کہا لیا کرین یہ نسخہ بہی
بہت مفید ہی صندل دورونج عقربی ہر ایک ڈیرہ ماشہ مرمکی ایک تولہ ساڑہے پانچ ماشہ
صبر زرد دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران ایک تولہ ساڑہے پانچ ماشہ گل مختوم ساڑہے دس ماشہ جدوار
خطائی ڈیرہ ماشہ کافور چینہ سرخ کوٹ چہان کر گلاب مین گولیان بنائین ساڑہے تین ماشہ روز
پہانک لیا کرین یہ گولیان طاعون سے بچنے کے واسطے مفید ہین مرض کی حالت مین نہ دین
طاعون کے دنون مین ہر روز جدوار خطائی تین دانگ باریک کرکے گائے کے دہی ڈیرہ تولہ مین
ملاکر صبح کے وقت کہا لیا کرین روغن کنجد اس مرض مین بہت مضر ہے یہان تک کہ چراغ مین بہی
نہ جلائین **اور ام مغابن** ورم بیس گوش و زیر بغل و بن ران سی مراد ہے یہ طاعون کی
جنس سی نہین ہے جدوار کا طلا کرنا کافی ہی حاجت تنقیہ کی نہین ہی صندل سرخ فوفل شیاف

مامیثا صبر زرد زعفران مرمکی مساوی گلاب مین پیسکر ضماد کرین ورم بن ران کو بد کہتے ہین اینٹ کو
گرم کرکے سنکیا اورام کے تحلیل کرنے مین مجرب ہی خصوصًا اگر افتاب مین گرم کیا ہوا اگر تحلیل نہ ہو پیاز کو
خاکستر گرم مین پکاکر باندہین یا بہتہ نیم اور برگ سنبہالو باندہین گل ارمنی جدوار صندل سرخ
برودہ ماشہ ہری مکو کے پانی مین پیسکر ضماد کرین یہہ ضماد بد کے واسطے بے نظیر ہے جدوار رسوت دو دو
ماشہ المتاس ایک تولہ ہری دہنیہ کے پانی مین پیسکر ضماد کرین شنگرف پارہ زیرہ سفید ہر ایک پانچ ماشہ
تینون کو باریک کرکے ایک عدد انڈے کی سفیدی مین ملاکر کپڑے کے اوپر لیپ کرکے باندہین یک
جا ہیگی برگ لسوڑہ نیم گرم باندہنا بد کو تحلیل کرتا ہے برگ ئیل گرم کرکے مُنہ کی طرف سے باندہین
نہایت مجرب ہی اگر بڑی ہو دو چار روز مین تحلیل ہو جاتی ہی یہ نسخہ کنٹہہ مالا کو فایدہ کرتا ہے
تخم سن تخم ترب تخم سہجنہ جو سرشف السی برابر لیکر کوٹ چہان کر دوغ مین ملاکر ضماد کرین مکڑی
کے ملی جانے کا یہ علاج ہے سندوا غلہ ہے مشہور پانی مین پیسکر طلا کرین امچور پیسکر طلا کرنا
بہی فایدہ کرتا ہے برگ انار ترش برگ تمر ہندی کیلے کے پانی مین پیسکر ضماد کرین یہہ نسخہ تل کہوا سطے
نافع ہی ہیر سون سجی ہلدی کسیر کو پانی مین باریک پیسکر ملین جدری چیچک کو کہتے ہین اور اسکا
سیتلا اور ماتا بہی نام ہی یہ بثور مین بسیار سطح ظاہر اور باطن تمام بدن پر یا بعض جگہہ نکلتی ہین
یہان تک کہ تالو زبان حلقوم آنکہہ کان مین بہی نکلتی ہین بتدریج جسم اسکا بقدر عدس و نخود
یا اس سی بہی بڑا ہوتا ہے بدن ہی اوبہا ہوا ہوتا ہے ابتدا مین سرخ ہوتا ہے نضج کے نزدیک سفیدی
مائل ہوتا ہے اور پر آب ہوتا ہے چیچک امراض وبایہ معتدیہ سے ہے جس شہر مین یہ مرض ظاہر
ہوتا ہے ایک خلقت کثیر اس مین بسبب مصاحبت و مقاربت و ملاقات یکدگر کے مبتلا
ہوتی ہی اگر ایک محلہ مین یا ایک گہر مین ایک طفل کو ہو تو تمام محلہ کے بچے اور اس گہر کے بچے اس
مرض مین مبتلا ہوتے ہین اگر چیچک مین پہلے آبلے نکل آتین اور پہر تپ آئے خطرناک ہی اگر آبلے
سے خون ٹپکے بہت برا ہے اگر ہر سال ایام شروع اس مرض مین چند دانے مروارید کے بچون کو
کہلاتین اس سال چیچک نہین نکلتی اگر نکلے تو بہت کم نکلتی ہی اگر طفل شیرخوار ہو اسکی ماں کو

چار تولہ مغز ناجیل ایک ہفتہ تک کہلائین اگر طفل دو سالہ ہو تو طفل کو بقدر دو تولہ کے ایک
ہفتہ تک کہلائین چیچک نہین نکلتی اگر نکلی بہی تو بہت کم انڈے کی سفیدی بہی قبل نکلنے
کے کہلانا نافع ہے جسوقت بچہ کو تپ آے مروارید خورد دس دانے ۔ نگلائین اس نسخہ سی چیچک
کے داغ جاتے رہتے ہین بیخ نے فارسی دس درم مغز بادام تلخ برنج سفید ہر ایک آٹھ درم
آرد نخود مغز بنبہ دانہ تخم خربزہ ہر ایک سات درم کرسنہ سرگین کبوتر ہر ایک پانچ درم مقل ارزرا
ہر ایک چار درم ایرسا قسط شاخ گوزن ہر ایک تین درم پوست بیضہ نطرون زراوند طویل
برادہ ہاتی دانت ہر ایک دو درم کوٹ چہان کر باریک کرین منہ کو پانی سے دہو کر دو یا تین درم
اس دوا مین سی لیکر پانی مین ملا کر شب کو منہ کے اوپر طلا کرین صبح کو دہو ڈالین اسکے اوپر
مداومت کرین چیچک کے نشان دور کرنے کے واسطے یہ نسخہ بہی لاجواب ہے انبہ ہلدی بیخ سرکنڈا
خرمہرہ سوختہ مساوی باریک کر کے شیر میش مین ملا کر رات کو ملین صبح کو اس پانی سی کہ جس مین
بہوسی بہگوئی ہو دہو ڈالین عباسی لڑکی تیرا کچہ ٹہیک بہی ہے کہان تک پڑہتی جائیگی
کنیز حسین نے یہ سنکر فوراً کتاب بند کر دی کتاب بند کر کے کہنے لگی کہ دو روز سے میرے
چہوٹے بہائی حسن عسکری کو بخار ہے نانی اماں تو کہتی ہین کہ مجہکو تو چیچک کا شبہ ہے کوئی کہتا ہے
کہ نظر ہو گئی ہے آپ کوئی نظر کا تعویذ لکہتی ہین میری اماں نے کہدیا تہا کہ جب آنا تعویذ لکہوا تی
لانا عباسی آج کل تو چیچک کے دن ہین نہین ہین نظر ہی ہو گئی ہو گی یہ کہکر عباسی نے یہ تعویذ
لکہا اعوذ بکلمات التامۃ من کل شیطان وہامۃ ومن کل عین لامۃ بکلمات التامۃ ۔
اور تعویذ کو دیکر کہا کہ بوا کنیز حسین نظر گذر کو لڑکون کے واسطے یہ تعویذ بہت ہی مفید ہے
ہمارے حضرت خاتم النبیین سید المرسلین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ الطاہرین الطیبین
المعصومین انکے نام پاک کے صدقے وقربان اپنے پیارے نواسون حسنین علیہما الصلوۃ والسلام
کے واسطے یہ تعویذ لکہا کرتے تہے کنیز حسین حضرت کو اپنے نواسون سے بڑی محبت تہی
عباسی تو کیسی کہا ایک دن حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ممبر پر تشریف فرما

حضرت امام حسن علیہ الصلوٰۃ والسلام گر پڑے۔ فوراً آپ نے منبر سے اوتر کر اوٹھا لیا ایک مرتبہ حضرت نماز پڑہتے تہے جب سجدہ مین گئے حضرت امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام آپ کی پشت مبارک پر سوار ہو گئے جب تک حضرت امام حسین علیہ السلام نہ اوترے آپ نے سجدہ سے سر نہ اوٹھایا صحابہ سمجھے شاید وحی آئی جو حضرت نے اسقدر سجدہ کو طول دیا بعد نماز دریافت کیا کہ یا حضرت سجدہ مین وحی نازل ہوئی آپنے فرمایا نہیں حسین نے مجھے اپنا اونٹ بنایا تہا مین نہ چاہا کہ اوسے جدا کرون ایک دن دونو شاہزادے گم ہو گئے تہے اور آوسر و حضرت کو تپ کی نہایت شدت تہی آپ کو جو انکے گم ہونے کا حال معلوم ہوا اسی شدت تپ مین بیتاب ہو کر ڈہونڈ ہنیکو نکل کہڑے ہوئے **جناب میر خورشید علی صاحب نفیس لکھنوی** اللہ انہیں رہتی دنیا تک رکھے خضر والیاس کی عمر عطا فرمائے اس روایت کو کیا خوب نظم فرمایا ہے یہ کلام انکا ہے

لکھا ہے کچھ علیل تھے سردار کائنات
سبکو نبی کی ماندگی سے تلخ تھی حیات

اک دن پے عیادت سلطان نیک ذات
گھر مین گئیں نبی کے بتول فلک صفات

لخت دل رسول زمن ساتھ ساتھ تھے
گودی مین تھے حسین حسن ساتھ ساتھ تھے

بیہوش تھے بخار سے سلطان بحر و بر
زہرا گئیں نبی کے سرہانے بچشم تر

دم کی دعا رسول کے بازو کو تھام کر
پیارے نواسے انکے بیٹھے ادہر ادہر

دونو لپٹ گئے شہ عالی وقار سے
پہرا بدن پہ نبض سے ہاتون کو پیار سے

کہتیں تہیں یہ فاطمہ کہ نہ چونکاؤ مین نثار
ناخوش ہے طبع پاک رسول فلک وقار

منہ رکھکے منہ پر کہتے تھے شبیر نامدار
بہائی سے پہلے ہونگے کاندہے پہ ہم سوار

کیا ہے عبا سے آپ جو منہ کو چھپائے ہین
آنکھیں تو کھولدیجئے نانا ہم آئے ہین

چونکے نہ خواب سے جو رسول فلک جناب
زہرا نے دونو بیٹون سے اسدم کیا خطاب

بس ہو چکے رسول کے خدمت سے بہرہ یاب
نانا کو تم ستاؤ نہ گہر مین چلو شتاب

اٹھینگے جب تو پھر تمہیں ہم لیکے آئینگے
کی عرض انکے پاس سے ہم تو نہ جائینگے

زہرا گئیں مکان محمدؐ سے اپنے گھر
نانا کے پاس سو رہے وہ غیرت قمر
گذری جو آدھی رات تو چونکے وہ خوش سیر
گھبرا کے دیکھنے لگے ماں کو ادھر ادھر
برج شرف سے وہ مہ انور نکل گئے
مادر کو ڈھونڈتے ہوئے باہر نکل گئے

چھایا تھا ابر تیرہ و تاریک تھی وہ شب
بجلی بھی کوندتی تھی گرجتا تھا رعد جب
تھی یہ ہوائے تند کہ گل تھے چراغ سب
دنیا تمام خواب میں تھی غیر ذات رب
رستہ نہ سوجھتا تھا یہ کوچے سیاہ تھے
تھی کالی رات اور وہ زہرا کے ماہ تھے

ناآشنا تھے راہ سے کوچوں سے نابلد
خادم نہ کوئی ساتھ نہ مادر نہ باپ نہ جد
گھر ڈھونڈتے تھے وہ پسر ضیغم صمد
ملتی نہ تھی مگر کہیں بیت الشرف کی حد
چاروں طرف وہ فاطمہ کے مہ جبیں گئے
پایا نہ گھر بھٹک کے کہیں سے کہیں گئے

بولے حسن سے تب یہ حسین نکو خصال
بھائی بھی جاگتا تو نیند کے مارے عجیب حال
فرمایا آؤ سو رہو حافظ ہے ذوالجلال
کہکر یہ بات بیٹھ گئے فاطمہ کے لال
پیدل کبھی چلے جو نہ تھے سست ہو گئے
گردن میں بانہیں ڈال کے رستے میں سو گئے

اُس دم یہ جبرئیل کو حکم خدا ہوا
رستے میں سو گئے ہیں محمدؐ کے دلربا
زہرا کے لاڈلوں کی حفاظت کو جلد جا
بے چین ہوں نہ فاطمہ زہرا کے مہ لقا
وہ اہتمام کر کہ زمیں رشک عرش ہو
سایہ ہو ایک پر کا تو اک پر کا فرش ہو

گرجے نہ رعد ابر نہ برسے نہ چمکے برق
آرام میں حسین و حسن کے نہ آئے فرق
دونو ہیں یہ نبیرہ سلطان غرب و شرق
گرمی نہ ہو کہ جسم ہوں انکے عرق میں غرق
تھم تھم کے یا نسیم چلے یا صبا چلے
ذرہ نہ خاک اوڑے نہ زیادہ ہوا چلے

چونکے جو گھر میں خواب سے پیغمبر خدا
سلمان فارسی سے بصد شوق یہ کہا
لے آؤ جاگتے ہوں اگر میرے مہ لقا
زہرا کے گھر پہ جا کے یہ سلمان نے دی ندا
دیکھا نہیں جو دیر سے صدمے اُٹھاتی ہیں
خیرالورا نواسوں کو اپنے بلاتے ہیں